بجنو میاں یہ نور جو برسا دمِ وصال ـــ سالِ وفات آگئی میرے خیال میں

از دست۔

اس رشتۂ اُلفت میں یکسوئی کا عالم ہے ـــ ہر چاکِ گریباں کو کب تک ہی سیا کرتا

وعدۂ وصل سے غیروں کے تو دل شاد کئے ـــ ہاں مگر ایک دل بخشش کا جلانا جانا

کمانِ عشق سے چھٹ کر لگے ہزاروں تیر ـــ جب اس کی ابرو و مژگاں کے سامنے دیکھا

عہد پر اپنے دلربا نہ رہا ـــ نہ رہا پر وہ بے وفا نہ رہا

لگا ہے نشترِ غم دل میں اک شکِ مسیحا کا ـــ مری بالیں پہ اے ہمدم نہیں کچھ کام عیسیٰ کا

سکھادو ہم قفسوچال تم اسیری کی ۔۔۔ کہ پہلے دام میں اُلفت کے دل پھنسا ہی آج
شہید کون ہوا دشنۂ محبت سے ۔۔۔ کہ اس کے کوچہ میں یک طرفہ ماجرا ہی آج

زبان خامۂ الفت کی ہو گئی گونگی ۔۔۔ دگرنہ ایک گلے کے سو جواب لکھتے ہم
جو خط کے پڑہنے سے بخشش اگر وہ ہو ناخوش ۔۔۔ ملاذ و مشفق و عالی جناب لکھتے ہم

فرشِ گُل پر وہ قدم رکھ کے ہوا چین بجبیں ۔۔۔ ہر رگِ گل کو کفِ پا کی نزاکت معلوم

کیا کام ہمیں چتر سے اور ظلِّ ہما سے ۔۔۔ طوبیٰ سے ہے خوشتر تری دیوار کا سایہ

جب کہ اس گل کا مجھے بیڑۂ[1] پان آتا ہے ۔۔۔ تنِ بے جان میں سو رنگ سے جان آتا ہے
چال اٹھکیلی کی چلتا ہے خدا خیر کرے ۔۔۔ حشر برپا نہ کہیں ہو یہ گمان آتا ہے

نہ دل کو تاب نہ تن میں تواں ہے ۔۔۔ فقط ایک دم سو دم کا مہماں ہے

بسمل تخلص اسمش ظہیر الدین ابن غلام محی الدین قاضی قصبۂ اکلیسر از تازہ مشقان ایں شہر است و دریں فن شاگرد عم خود بدر الدین بیتاب لذوست

تیرے شوقِ وصل میں رو رو کے جوڑا رخ آج ۔۔۔ طفل اشکوں کو بنایا دیدۂ خونبار نے

موتیوں کا ہار سینہ پر تمھارے دیکھکر ۔۔۔ سینۂ عاشق پہ حسرت کے کئی پھوڑے ہوئے

بریاں تخلص یکے از شعرائے ماتقدم گجرات است حقیقتش کماحقہ بوضوح نپیوست منہ

جب مصور نے پری زاد کی کھینچی تصویر ۔۔۔ لے لیا ملکِ فرنگ چین کو تسخیر کیا

[1] بیڑۂ پان لفظ مہمل متروک الاضافت ہے۔

بلیغ تخلص غلام قادر نام مولدش لکھنؤ نشو و نما در دکن یافتہ از عرصۂ دہ سال دریں نواح رنگ اقامت ریختہ حال از چندے در سلکِ ملازمان گائکواڑ منسلک است و در زندمائے آپا صاحب برادر مہاراجہ گائکواڑ والی بڑودہ میباشد زیادہ ازیں چہ نوشتہ اید کہ کلام بلیغ بلیغ است از فکر کردۂ اوست

زلف کی یک گرہ کو کرکے خطا	رشک صد نافۂ ختن باندھا

نہیں دنبالہ سرمے کا اوپر چشم	نیلے ڈورے ہیں یہ ہرن باندھا

دیکھ کہتے ہیں اُسے اہل جہاں ناحق گہن	دودِ آہِ عاشقاں سے ہے جو کالا آفتاب

خواہش ہے بہرِ رنگ شنجرف کی بلیغ	آنکھوں کے خوں سے اپنا شبستاں ہوا ہے سرخ

ہو برقعہ پوش اس لئے جاتا ہے باغ میں	تا چھن کے آئے بوئے گل اس کے دماغ میں

جوش کھاتا ہے سمندر دیکھ ماہِ چاردہ	موجزن ہوتا ہے بحر اشک روئے یار دیکھ

بہادر تخلص شیخ بہادر جد بخشو میاں بخشش خدا ایش بخشد شنیدیم کہ بسیار مرد وجیہ و خوش اخلاق و در معززانِ ہمعصر خود طاق بودہ ملازادہ طبع اوست

ہیں نجومی حساب میں حیراں	جب سے پایا ہے زیب وہ دُرِ گوش

بہادر تخلص شیخ بہادر عرف شیخو میاں پسر بخشو میاں بخشش از نو سخن گویان سورت است از وست

یہ ضعف ہے کہ صورتِ قالیں کی طرح اب	کروٹ کا پھیرنا ہمیں دشوار ہو گیا

عشقِ سیمیں بدن کی دولت سے ۔۔۔ داغِ دل درہمِ طلائی ہے

بیتاب تخلص بدرالدین نام ابن حافظ محمد شریف از متوطنانِ ایں بلدہ است چند سال در خدمت والامرتبت حضرت قبلہ گاہی ماندہ دو سال است کہ در سرکار نواب بادشاہ بیگم صاحبہ بر انشا پردازی مامور شاعرِ متورع و متدین است طبعِ موزوں می دارد و بارہا شریک مشاعرہ میشد از خیالات اوست

شکل آئینے میں مت دیکھ پری رو ہر دم ۔۔۔ ورنہ اپنی ہی تو صورت کا دِوانہ ہوگا

اعجازِ عیسوی سے لبِ یار کم نہیں ۔۔۔ زندہ کیا ہے جس نے مسیحا کا نام آج

کشتۂ ناز ہے ترا بیتاب ۔۔۔ او مسیحا ذرا ادھر کو دیکھ

سُرخ دامن پر کناری کی نہیں تحریر ہے ۔۔۔ شعلۂ سوزاں دلِ بے تاب دامن گیر ہے

بیہوش تخلص میر رمضان علی اصلش از ہند بودہ سالہا در سورت اقامت داشت وہما نجا انتقال از دارِ فانی کردہ بیہوش سرمست ارادتِ عبداللہ شاہ تجرد بودہ چنانکہ او خود میگوید **شعر**

تصور کر تو اے بیہوش اس آئینۂ دل میں ۔۔۔ کہ آتی ہے نظر بس شاہ عبداللہ کی صورت

از وست

موسمِ برسات میں دلبر نہوئے پاس حیف ۔۔۔ اور کیا رکھیں گے تجھ سے اے فلک ہم آس حیف
طالعِ بد کی شکایت کس کے آگے کیجئے ۔۔۔ ہم کو چاہت آپکی ہرگز نہ آئی راس حیف

حرف التاء

تجرد تخلص عبداللہ شاہ نام تجرد شعار در علمِ ظاہر و باطن ممتازِ روزگار از قدیم سخن طرازانِ سورت است بہ نسبت ہندی در فارسی زبان اشعارش زیادہ مشہور است خورشید وار مجردانہ از مشرق بجانب مغرب شتافتہ در سورت مسجد مولوی غلام محمد صورتِ اقامت انداختہ بعد چندے بسفر عدم آباد پرداختہ نظر تخلص بود بعضے در شورہ سخن..... تجرد را باعزلت منسوب کردہ اندرنگ ایں مضمون ریختہ کلک اوست

اس رو میں لطف ہے سو لک کو خبر نہیں　　　　خورشید کیا کہ اس کے فلک کو خبر نہیں

تبسم تخلص عبدالکریم مولدش سورت است اکنوں از چند سال بتقریب دادنِ درس زبانِ اُردو بصاحبانِ واردِ لندن در بمبئی اوقات بسر می برد درزمانِ گذشتہ بتقاضائے وقت بہ صحبتِ ملا قطب الدین گاہ گاہے چند کلمات موزوں می کرو بمشاعرہ انجامید حال شاید لب ازیں خندہ بستہ ایں یک موج از تبسم غنچۂ افکاراتِ تبسم است

رواں تھا قافلہ اشکوں کا جو مرے ہمدم　　　　سو اس تبسم غارت گر بانے لوٹ لیا

تسکین تخلص برادر عزیز مولوی میر حفیظ اللہ خاں کہ بصفاتِ حسنہ واخلاقِ رضیہ تفوق برہمعصراں دارد ذہن وذکا و فکر رسا در ذاتش ظاہر است و در کم سنی استعداد معقول در فنونِ منقول و معقول و نیز در گجراتی و قوانینِ آں قدرت کاملہ بہم رسانیدہ از ایامِ قلیل شوقِ سخن گوئی پیدا کردہ از نتیجۂ فکر اوست

ڈالے نہ کیوں وہ مصحفِ رو پر نقاب کو　　　　حفظِ ادب کو رکھتے ہیں قرآں غلاف میں

حرف الثاء

ثنا تخلص شیخ ثناء اللہ از شیخ زادگانِ احمد آباد بودہ و از اجلِ تلامذہ محمد ولی المتخلص بولی و کسب فیض باطنی از خدمتِ مخدوم العالم مولانا محمد نور الدین حسین صدیقی السہروردی حاصل ساختہ و در زمان محمد شاہ در ہنگام زخمی شدہ حضرت مولانا شربتِ شہادت چشیدہ و عمرِ گرامایۂ خود را بصدقِ دل نثار پیر خود کردہ۔ محاورہ اش با محاورۂ حال فرقے دارد و بعید مضامین درست می یابد اما این یک دو شعر کہ موافق محاورۂ جدید اہل گجرات است از سفائن قدیمہ بہم رسید درین اوراق ثبت گردید۔

یہ ہو گئی ہے اُسے نام سے ثنا کے ضد — کہ ثنا خدا کی بھی وہ بت نہیں کیا کرتا
ثنا کا کام یہی ہے کہ اپنے مُنہ سے بس — سدا ثنا دہنِ یار کی کیا کرتا

آگے اُس قاتلِ خونریز کے مقتل میں ثنا — جس نے سر اپنا جھکایا وہ سرافراز ہوا

حرف الجیم

جولاں تخلص حافظ کلام اللہ شیخ غلام شاہ جانشینِ میاں مخدوم قدس سرہٗ کہ از اجلِ خلفائے حضرت شاہیہ میباشند چوں نسب صدیقی میدارند بصدقِ اتحادِ یکرنگ استفادۂ علمِ عربی از خدمتِ زبدۃ المحققین قدوۃ المجتہدین جناب مولانا دادا میاں صاحب حاصل نمودہ قراءتِ قرآنش از زمزمۂ خوش الحانی باہنگ اِنَّ مِنَ البیان لسحرا استماعان را مدہوش میسازد و مردِ رنگین طبیعت و رنگین خیال نیکخو نیک خصال درین فن از تلامذہ میر کمال الدین کامل است

از افکار اوست

کیوں دشت کو ہو نہ سرخروئی　　ہر خار کو ہے زیارتِ پا

گرم جولاں یار کا رہتا ہے توسن آجکل　　باد بھی اس کا نہ چھو سکتی ہے دامن آجکل

جوشؔ تخلص سید عبدالرحیم از باشندگان ایں بقعہ شریفہ از سالے چند اقامت پذیر سورت اخلاق حمیدہ می دارد و در فارسی نثر پسندیدہ می نویسد بعد اتمام رسیدن ایں اوراق شیرازۂ عمرش گسستہ شد حیف کہ جواں مرد وکان ذالک فی شہر جمادی الثانی سنہ ثمان وستین ومائتین بعد الف صب اللہ علیہ سجال الرحمۃ و الغفران واسکنہ بحبوحۃ الجنان اوراست

روئے یہ نہ کر میرے دل آزار تبسم　　ہے تجکو ہنسی اور مجھے تلوار تبسم

حرف الحا مہملہ

حامدؔ تخلص عمدۃ التجار شیخ حامد بخش عُرف میاں بخشش مہین پسر اوست از سرکارِ انگریزی بخدمت منصفی ممتاز بودہ از سخنانِ ایشانست

مانگ اس کی تو ماں مانگے ہے　　دل کو لیکر یہ جان مانگے ہے
ابرو کرتی ہے ہمسری اس کی　　روبرو اب کمان مانگے ہے

حجابؔ تخلص محبوبہ ایست کشمیری الاصل بر رفاقتِ یک شخص منشی کہ در جنگ کابل بخدمتِ ترجمانی ہمراہِ امیرانِ دولتِ انگلشیہ بود وارد بمبئی شدہ چندیں اقامت داشت نظر تخلص آں نامش از حجاب بر بنیاد گاہے در ہندی موزوں می کند اما در زبانِ دری آں رشکِ کبک دری گفتار چوں رفتار خوش می میدارد غزل فارسی مع یک غزلِ ہندی بوساطت شخصے نزدِ فصاحت مآب مشفقی غلام محمد المعروف بمیاں سمجو

آمدہ بود بملاحظہ در گذشت الحق کہ مضامین .. فارسی را دلچسپ یافتہ است چون دریں سفینۂ لآلی آبدار اشعار ہندی کہ ہمچوں صدف مملواست گذاشتہ شد مگر در ریختہ کہ رگِ خامہ اش کم ریختہ است ایں شعر پسندیدہ شد

کیا جانے بھلا لذتِ دیدار کو اس کے　　جب تک کوئی با دیدۂ خونبار نہ ہووے

حزیں تخلص حافظ غلام حسین از اربابِ سورت است در ہنگام دیوانی بابو سیتارام بدربارِ گانگواڑ جاہ و منزلتے کہ داشت نصیب دیگراں نشدہ مرجع و مآبِ امیر و فقیر بودہ دیوان در خدمتش اعتقاد مریدانہ می داشت و حسن سلوک بجا می آورد آگاہ نیم کہ چہ حادثہ پیش آمد یکبار کربتِ غربت را برآرام و راحت اختیار کردہ سالے چند غریب الوطن ماندہ چوں صانع ازل خمیر پیکرِ اسش را بآبِ عشق بازی سرشتہ و داغِ جانگدازی بر دلش نہادہ بسمل دشنۂ نازِ زیبا صورتانِ پری پیکر و زخم خوردۂ خدنگِ محبتِ گلرخانِ خورشید منظر است امروز عمرش از ہشتاد متجاوز چوں جوانانِ عشاق مزاج بنظارۂ حسنِ ملیحاں بے طاقتانہ دیدیدِ طلعت سیمیں اندااں مضطربانہ بہر صورت حزیں خاطرِ حزیں خود را مسرور می دارد و بوطن مالوف خود کہ سورت است بے پروایانہ عمر خود بسر می برد من اذکارہ

یہ صورت دیکھتے ہیں ہم چھپالے جسکا جی چاہے　　دھرا ہے ہاتھ پر دل کو چھٹالے جسکا جی چاہے

یہ نقدِ دل سرِ کوئے بتاں پر ہم نے ڈالا ہے　　غرض ہم کو نہیں اسکی اٹھالے جسکا جی چاہے

کرے شکوہ حزیں کیونکر جفا و جورِ عالم سے　　یہ عاشق دل ہے بے پروا ستالے جسکا جی چاہے

تو قید سے باہر نہ نکل اپنی زلیخا　　یوسف کا ترے اور خریدار نہ ہو جائے

حسن تخلص سید حسن نام خلف میر باقر علی باقر اکتساب علم فارسی از پدر خود کردہ بخوش نویسی معروف بمردِ خجستہ اطوار است و از شعرائے مشہور احمد آباد و

نیز دریں فن با پدر خود مشورۂ سخن می کرد اکنوں ترکِ شعر گوئی کردہ از فکر او ست
میں بھی ہوں ہوشیار مطلب مجھے تو کرو نگا حصول | شب جو میرے بخت کی مانند وہ سو جائے گا
نقدِ دل لوٹ لیا ناز و کرشمہ دکھلا | ہاتھ سے بات سے اور چشم کی عیاری سے
کہو کیا بھلا ہوگا قاتل کا یارو | کہ مارا ہے جس نے حسن سے جواں کو

حرف الخاء معجمہ

خلیق تخلص غلام احمد از ساکنان بمبئی است فی الحقیقت جوانِ خلیق و غریب است نستعلیق فارسی را درست می نویسد اکثر در چھاپہ خانہا بکتابت بسر می آرد از دست
گلرخوں کو وفا کا پاس نہیں | جوں گل کاغذی ہیں باس نہیں

خوشتر تخلص سید برہان الدین عرف میراں صاحب ساکن قصبہ دیہوے آبائش طریقۂ پیری و مریدی میدارند او بخلافِ آبا و اجدادِ خود ملازمت راجہ بروڈہ اختیار کردہ از تازہ مشقانِ ہماں بلدہ است و یا دعی اتحاد دارد تیغ سخناں را بہ فسانِ مشورتِ غلام قادر بلیغ آب می دہد نظر تخلص او دیگر ازیں چہ خوشتر باشد از او ست
رشتۂ الفت جو وہ ظالم ہے مجھ سے توڑتا | باندھتا ہوں تار اُس وقت آنسوؤں کے تار کا

جسمِ لاغر یہ نہیں ہیں رگیں | لاکھ زنجیروں میں ہے تن باندھا
ہم نے قاتل کی تیغِ ابرو دیکھ | پہلے ہی سر سے ہے کفن باندھا

کون سے برق وش کو دیکھا ہے | یوں جو بجلی ہے بے قراری میں

جامِ مے پینے سے بھی وہ ذائقہ حاصل نہیں | جو مزا بوسے سے ملتا ہے لبِ مے خوار کے

خوشتر تخلص سید قادر میاں نبیرۂ سید مہدی صاحب مرحوم کہ اوصاف جمیلہ ایشاں مشہور است طبع رسا ذہن ذکا میدارد در فارسی و عربی استعداد معقول هم علم فرائض بخوبی مستحضر دارد رفتار و گفتار بطرز نو ئینان درست و خوب است چوں معاش مشائخین بر خدمت مریدان صورت می بندد لہذا اقامتش گاہے در سورت و گاہے در احمد آباد از راقم تعارف باحسن وجہ جاری است من کلامہ

وہ رخ گلگوں جو آئینے میں عکس افگن ہوا　　تختۂ آئینہ رشکِ تختۂ گلشن ہوا

کثرتِ داغوں سے پہلے دل ہوا رشکِ چمن　　پیرہن بھی پھر تو سرخ اشکوں سے گلگوں ہو گیا

تھا تصور اس قدِ موزوں کا دل میں اسقدر　　نالہ بھی اسدم جو نکلا دل سے موزوں ہو گیا

ہم اس کی ہوا خواہی میں جس طرح ہوئے خاک　　اس طرح سے واللہ نہ برباد کوئی ہو

خوشتر تخلص شخصے است از قوم بوآہیر سورت سالہا طرفِ بنگالہ اودھ و صوبہ بہار بسر برد ہمی گفت صحبتِ خواجہ حیدر علی آتش و شیخ امام بخش ناسخ را دریافتہ ام گویند علم عروض و قوافی خوب مستحضر داشت و در ایامِ اقامت نواب براہیم خاں والی سچین المتخلص بمحب در سورت کہ بمکان خود محفلِ مشاعرہ منعقد می ساخت خوشتر با میاں منجو صاحب و حافظ داؤد دلکش و سید و میاں اخلاص در یک وزن و قوافی با یکدگر اشعار گفتہ غرضکہ ہر مصراع خوشتر خوشتر از قامتِ موزونِ خوبان قیامت قامت و ہر شعرش جواب مطلع ابروے مہ رویانِ زیبا طلعت از چندیں در برودہ رفتہ بمصداق کل نفس ذائقۃ الموت ذائقۂ ممات را خوشتر از لذتِ حیات دانستہ داعیٔ اجل را لبیک اجابت گفت

فرق ہے اسفل و اعلیٰ کا جہاں پر روشن　　یوں تو ہے مور کے بھی نقشِ پر و بال میں چاند

حرف الدال مہملہ

دلکش تخلص الموسوم بحافظ داؤد واز حافظانِ سورت بودہ دراخیر عمر بخدمتِ منصفیٔ عدالتِ سورت از سرکارِ انگریزی سرفراز و در نکتہ پسندی و لطیفہ گوئی و خوش لباسی و پاکیزہ خوئی ممتاز بہ نسبت ہندی در زبانِ دری مشق زیادہ ترمیداشت و مضامینِ رنگیں می نگاشت کتابے لطائف النظرائف نام بطریقِ مثنوی در فارسی بزعم خود بطرزِ بوستانِ حضرت سعدیؒ گفتہ و گہرہائے خوب سفتہ الحاصل اشعارش از گلہائے داؤدی خوش وافکارا واز تخلصِ او دلکش عرصہ چند سال است کہ بموداے آیہ کریمۂ کل من علیہا فان ایں جہانِ فانی را پدرود کردہ منہ

اخترِ صبحِ قیامت ہے دُرِ گوش ترا | رتبہ بیدم ہی کرے ہے لبِ خاموش ترا
سخت حیرت ہے کہ لیکر دلِ حافظ داؤد | کان پر ہاتھ رکھے ہے گہرِ گوش ترا

دل پہ سو معنیٔ رنگین گذرتے ہیں آج | کہ عوض بوسے کے انعام میں پایا بیڑا
زلف ورخسار تو ہیں آفتِ جاں پر میرے | خون کا اس لبِ خنداں نے اُٹھایا بیڑا

دلبر تخلص سید ابراہیم نام مرشد مقلدانِ ملتِ مہدویہ درویشانہ زیست میکند ہنگامِ ورود خود دریں شہر چند ابیاتِ طبعزادِ خود نزدِ راقم آثم فرستادہ ازاں ایں یک بیت گزیدہ دریں اوراق ثبت یافتہ من کلامہ

وہ آنکھیں لال کرتا ہے ہمیشہ میرے رونے سے | بجا ہے چشمِ ترکو میرے کہیے ساغرِ گل ہے

درویش تخلص سید درویش علی خلف مولانا میر عالم صاحب کہ فضائلِ ایشاں لاتعد ولا تحصے است کہ اکثر فضلا از خوانِ تربیت ایشاں سیراب کلام بودند ازانجملہ سید احمد صاحب مرحوم و حضرت دادامیاں صاحب اند بالجملہ حقیقتِ جلاوطن

از احمد آباد و متوطن شدن او بسورت از تعدئ حکام مرہٹہ از اغوائے ابن عم خودش چندانست کہ ایں اوراق گنجائش آں ندارد و چند سال است کہ بگور آرمیدہ من سخنہ

ساقی نے آج سر پر چھینٹا سجا گلابی   زاہد نہ ہووے کیونکر اب دیکھے گلابی

حرف الذال معجمہ

ذاکر تخلص اسم بزرگوارش سید محمود از بنی اعمام حضرت جد امجد راقم بنسبش بحضرت محبوب یزدانی سید احمد جعفر شیرازی قدس سرہٗ منتہے میشود تولد و نشو نما ایں شہر رشک ارم است بمصدر مکارم کریمہ و محامد صفات پسندیدہ ظاہرش ہمچو باطن مطابق و بمزید فضل و دانش برہمعصران فائق براضافہ علوم امتیازی تمام داشتہ لاسیما در دری زبان قدرت کاملہ و مضامین شستہ می یافت طرز نثر نویسی اش عذب و شیریں و گفتار گزیدہ اش دل نشین رسالہ انشا بطرز جامع القوانین تصنیف می فرمودہ در ابتدائے حال بخدمت صدر امینی قلعہ کہیرہ کہ از شائستہ خدمات انگریزیست قایم بودہ در عمر ہشتاد سالگی ودیعت حیات سپردہ امروز وفاتش راسیزدہ سال سپری شدہ گاہے دریں زبان بہ تفنن خاطر و پاس ہمزماناں سخن فرمودے قطع نظر از محاورۂ ایشاں کہ دریں وقت مروج است فرقے است بعید ایں یک دو شعر کہ بموجب زبان جدید گجرات از بیاض حضرت جد امجد ثبت افتاد و ہم باسم شریف خود متخلص می شدند

ہے اس روئے نکو پر اسطرح خط   قمر کے جس طرح ہو گرد ہالا

عبث ہے جستجو ذاکر دہن کی   نہیں تا عمر بھی یہ پانے والا

حرف الراء مہملہ

رحمت تخلص رحمت اللہ نام بود کہ در احمد آباد اقامت می داشت در عوام مشہور است منہ

دلا اب تو فرقت ہیں جاتی ہے جان ‏ ‏ ‏ ‏ مجرب کوئی اب دوا کر تلاش

رسوا تخلص مرزا عبد اللہ بیگ خلف قائم قلی خاں سوائے علم ظاہری کسب باطنی از حضرت بڑا صاحب خدا نما نمودہ باعزہ احمد آباد محبوب می شد قائم قلی خان چندمدت قائم مقام دیوان صوبدار احمد آباد بودہ دہتوتقہ و پٹلاد جاگیر داشت باکان خان از زمان جنت آشیانی جہانگیر بادشاہ تا عہد فردوس آرامگاہ محمد شاہ بخدمات منیعہ و مناصب رفیعہ فرق عزت بفلک می سودند و آوردہ اند کہ رسوا از اندیشۂ رسوائی جواب وسوال دیوان آخرت در آخر عمر دیوان خود را آب زد و ہمہ را یک دست بشست و باوجود آں دو شعر بہم رسید و التقاط گردید

بستان دل کے اندر گلزار ہیں تو ہم ہیں ‏ ‏ ‏ ‏ اشجار ہیں تو ہم ہیں اثمار ہیں تو ہم ہیں

ہیں عندلیب بے نطق اس گلشن جہاں میں ‏ ‏ ‏ ‏ اس عین لامکاں کے مختار ہیں تو ہم ہیں

رفعت تخلص سید رفعۃ اللہ از سورتیاں است ارادت در خاندان رفاعیہ می داشت منہ

چھد گیا دل کیا بلا تھی نوک مژگان یار کی ‏ ‏ ‏ ‏ جس جراحت سے لگی ہے اب مجھے جاں کندنی

رکھوا تخلص واگاہی دست ندادہ خنیاگرے بود خوش آواز کہ بنغمات دلفریب فولاد دلاں را باعجاز داؤدی نرم ساختے و بہ نسبت صورت سیرت پسندیدہ داشتے اصلش از سورت بودہ وہم درانجا جام عمرش لبریز بادۂ فنا شد ہمدرفن خود شائستہ قانون داں. بوجہ فیض سخن دراں طبعش مائل شعر شدہ از ترانہائے ابیات خود بسان مضراب

قانون و رباب دلِ نالانِ عشّاق بے برگ و ساز میزد و مارا از نوا سنجی عندلیبِ فکرش رسید این است کہ فی زماننا این ہم از غنیمت

زلفوں کو تو آراستہ اے یار کیا کر ۔ پر دل کو کسی کے نہ گرفتار کیا کر

حرف الزا معجمہ

زیرک تخلص اسمش سید علوی ابن سید محمد سجادۂ درگاہِ علی بن عبداللہ عیدروسؒ کہ مزار ایشان در سورت واقع است از ایام قلیل مشقِ سخن پیدا کردہ اوصافِ حمیدۂ ایشان بسیار مسموع می شود

جوں سایہ گرا سرو اُسے دیکھ زمیں پر ۔ باعث یہی گلشن میں ہے پھولوں کی ہنسی کا

عبث دکھلاتے ہو ہر بار خال و زلف مجھے ۔ بغیر دانہ و دام آپ کا شکار ہوں میں

حرف السین مہملہ

سلیمی تخلص مردے سلیم المزاج و در فن منشی گری قابل و از معارفِ بمبئی است از موزونیات اوست

اس قدر وہ حسن میں اب فخر مہ پر لے چلا ۔ بدر بھی داغِ غلامی ناصیہ پر لے چلا
اس چمن کی سیر کو آیا جو وہ مانند گل ۔ پارۂ دل ہر سرِ نوکِ مژہ پر لے چلا

سمجھو تخلص ناظمِ کشورِ فصاحت فرمانروائے اقلیم بلاغت زبدۂ شعرائے عالی مقام خلاصۂ سخنوران ذو الاحترام غلام محمد نام المشہور بمیاں سمجھو اصل از بندرِ مبارک سورت اکثر بلاد را بگامِ مساحت پیمودہ وقتِ مراجعت از سفر حجاز در رکابِ ظفر انتسابِ شاہزادہ محمد جہان شاہ خلفِ محمد اکبر شاہ ثانی بادشاہِ غازی بدار الخلافت

دہلی رفتہ قصیدہ بفصاحتِ تمام و بلاغتِ مالا کلام در مدحِ حضرتِ ظلِ سبحانی انشا
فرمودہ پس از حضورِ بارگاہِ سلطانی در صلۂ آں بخلعتِ فاخرہ مشمول نوازشاتِ
خاقانی شدہ۔ مدتِ قلیل تا ہنگامِ اقامت خود در دہلی چند غزلیاتِ خود را پیش مومن
خاں و خاقانی ہند محمد ابراہیم ذوق درآورد بعدہ بحیدرآباد دکن رفتہ در سرکارِ
راجہ چندولال دیوانِ دولت علیہ عالیہ نظامیہ بسلسلۂ شعرا داخل و ملازم شد تا اکنوں
از مدتے چند در سرکارِ عالی تبار ثریا جاہ نجم الدولہ ممتاز الملک نواب حسین یاور مومن خاں
بہادر والی بندر کھمبائت بر عہدۂ وکالتِ انگریزی کہ از شائستہ خدماتِ آں سرکار
والا است معزز و ممتاز اند۔ در فارسی فاضلِ عصر و دیگر فنون کاملِ دہر اگرچہ شہرۂ شعرِ آں
مجمعِ کمالات از دیگر علوم بیشتر است اما اشعارش نمونہ ایست بر دیگر فضائلِ او الحق حقِ
استادی بر ذاتش مسلم اگر سعدیِ وقت گویم سزا است و اگر فردوسیِ عہد خوانم رواست
کلامِ اعجاز بیانش الہامے است کہ فرشتہ بایں معنی ناطق شدہ و حسن بخش یوسف
صفتے است کہ عجوزہ طبعاں را زلیخا وار جوانیِ تازہ بخشیدہ الحصار افضلیتِ آں
استاد متبحر آبِ دریا پیمودنست از تسویدِ کلامِ فصاحت نظامش بر مطالعہ کنندگان مخفی نہ ہ

گر یہی ضعف ہے تو موت سے ہم بے غم ہیں   جان کو جسم سے دشوار ہے باہر آنا

جلایا بادِ کوئے سرو قد نے جوں دمِ عیسیٰ   اڑا ہر ذرہ قمری بن کے اپنی خاکِ شہد کا

صورتِ قبلہ نما عاشقِ ابرو کو ترے   بعد مردن بھی ہے بے جان تڑپتے دیکھا

دستِ گستاخِ زلیخا نے بلائیں پاؤں کی   جیبِ یوسف ٹھوکریں کھا کر ترا دامن بنا
آنکھ بس ساقی پہ گرتے ہی پیالہ ہو گیا   تھا خمیر اپنا وہیں کا میکدہ مدفن بنا

کرتے ہیں تکلیفِ سیرِ گل مجھے ہجراں میں دوست
اس زمانے میں دیا کرتے ہیں دھوکا آشنا

ہے دہن درج اور دُر گوہرِ سخن سے ہے دلبستگی
بات حق یہ ہے کرے اللہ پیدا آشنا

آ گئی یاد اگر گردشِ چشمِ ساقی
حشر میں قبر سے اُٹھنا ہمیں مشکل ہو گا

دشمنِ جاں چشم و لب عیسیٰ نفس
فرق یہاں اعجاز پر جادو رہا

دست فریادی ہے کس مظلوم کا
کھینچتا شانہ ترا گیسو رہا

ہر رگ و پے میں بھرا تھا عشقِ شیریں اسقدر
استخواں فرہاد کی کھا کر ہما طوطی بنا

قدم رکھتے ہی اسکے لوٹ تھا دل ساری محفل کا
دکھایا مرغِ قالیں نے تماشا مرغِ بسمل کا

میں نہ رویا گو جلا کیا کیا دلِ ناپختہ کار
آگ پر پانی نہ ٹپکا اس کبابِ خام کا

پروئے قصہ خواں نے جیسے موتی
ہمارے اشک کا بھی ماجرا کیا

میں تو ہوں کم نگاہی کا مارا
تم نے کیوں مجکو نیمچہ مارا

آیا دوپٹہ تان کے سونا جو اُن کا یاد
مرقد میں پُرزے ہو کے ہمارا کفن گرا

اُف رے خوں گرمی جو کھینچا زخمِ دل سے یار نے
تیر انگریزی سلائی کا سا روشن ہو گیا

جان پڑ جاتی چمن میں تیرے قد سا اک بھی — سرو ہوتا اس روش اس ناز اس انداز کا

جی گیا بس روپ دیکھ آبِ دُرِ گوشِ صنم — ناتواں تھا میں بہت قطرہ بھی دریا ہو گیا

چپ شرارت سے ہے رہنا اس گلابی پوش کا — شعلہ عالم سوز ہے اس آتشِ خاموش کا

لاغری میری جلاتی ہے ہر اک کے دل کو — یہاں شعلے کے برابر ہے اثر میں تنکا

تعظیم کیا کہ بزم سے مجکو اُٹھا دیا — افتاد کیا کہوں کہ نظر سے گرا دیا
دق ہو کے ہم نے اُس سے چھپایا تھا اپنا منہ — ہمدم کفن کو کھول کے پھر کیوں دکھا دیا

دل پہ کیا گذری جو ہے جوشِ سرشک — دوڑتا آیا نامہ بر میرا
دن پھرے میرے اے بلندیٔ بخت — مہروش آیا بام پر میرا

نہ سادگی سے فزوں ہو جو قدرِ رنگینی — زیادہ شیرے رکھتی ہے کیوں شراب بہا

منہ مت مرا چڑا ئے آئینہ دیکھئے — اس اچھے منہ کو کرتے ہو کیوں مہرباں خراب

ایک قدم راہ تھی ہستی سے عدم تک جوں اشک — بس نکلتے ہی ہوا اپنی ہیں گھر سے غائب

بد دعا غیر کو بھی میں تو نہ دوں گا سمجھو — قیدِ گیسو سے ہوا سکے کہیں آزاد رقیب

لازم ہے یہ اسے کہ سر راہ میں بچھائیں توڑے ہے آکے شیشہ جو ہر بار محتسب

تن بلور و چہرہ آتش تِرا دِیر رنگِ حنا ہے تہِ قندیل روشن منجمد رنگِ شہاب

ابرو سے دل بچا تو مژہ سے جگر چھدا روکی اُدھر کی چوٹ تو کھائی ادھر کی چوٹ

پانی سے اُسکی آنکھ میں پتلا کیا ہمیں اشکِ رواں کو سمجھے تھے ہم آبرو عبث
ظاہر رگیں ہیں ضعف سے تن کی برنگ پاں پیاسے ہیں میرے خون کے یہ خوبرو عبث
کب دھوئے ہے وہ پانوں کہو اسکو ہات دھو رگڑے ہے سر کو موجِ لبِ آب جو عبث
اے رشکِ یوسف آپ یہ زنداں نہ کیجے گھر آئینہ مت لگائیے گا جا بجا رسو عبث

اس کی جو الجھی طبیعت بال سُلجھانے کے وقت جی میں ڈر کر دانت کھولے رہ گیا کیا شانہ آج

سمجھو وہ کیونکہ ہات میں آوے کہ رکھے ہے نازک کمر سے اپنی وہ نازک کمر مزاج

کر جاے ہے جہاں سے کنارا ابر آتے ہی مرٹنے کی یہ چال ہمیں بھی سکھائے موج
زہرہ کیا ہے آب دمِ سرد نے مرا ثابت سرِ نسیم پہ ہے خوں بہائے موج

غربت میں کوئی ہو گا نہ مجھ ناتواں کی طرح اپنا ہی میں بنا رہوں ریگِ رواں کی طرح
دل ہات سے گیا تو گریباں پہ زور کیا اس مہ کو دیکھ ٹکڑے ہے از خود کتاں کی طرح

کام کرجاتی ہے مہندی کا نزاکت دیکھنا
عطر کے ملنے سے ہو جاتے ہیں دستِ یار سُرخ
تجھ پہ مے خواری کا سمجھو لوگ کرتے ہیں گماں
آنکھیں رو رو کر کیا مت کر تو جوں سرشار سُرخ

فلک نے پاؤں پہ ڈالا اٹھا للکے آخرِ شب
صنم نے شام کو پھر اُس کے مُنہ پہ مارا چاند
شبِ فراق میں تو حالِ اضطراب نہ پوچھ
کہ ہر گھڑی نظر آتا ہے اک ستارا چاند

خاک ٹھنڈا مرا کلیجا ہو
اس کے بن مجکو اک بلا ہے چاند

سمجھو ہے بامِ شیشۂ افلاکِ زرنگار
پر حیف چاروں طرف سے ہے یہ مکان بند

شہپرِ خواب اپنی سمجھو اسکی زلفیں ہو گئیں
دھیان میں ان کے سداراتوں کو اڑجاتی ہے نیند

عکس بابک دگریبوں کا ہے
یا ترے رنگِ پان ہونٹوں پر
اپنے لب کی ممتیں بھی چاٹ لگی
کیوں نہ پھیر و زبان ہونٹوں پر
آیا پیغام بوسہ آج مرے
فخر رکھتے ہیں کان ہونٹوں پر

ہوں چولا غر کنایتاً مجھ سے
خس کا منگواتے ہیں وہ اکثر عطر
عطر فتنے کا کیا ہے گروہ شریر
جو ملے فتنہ ہے وہ یک سر عطر

جس نے دیکھا اُسکا چلنا اسپہ اک جادو چلا
سحر کے پتلے کا عالم ہے قدِ دلدار پر
آبِ حیواں پیویں کیا بیٹھے ہیں ہم
زہر کھائے شربتِ دیدار پر

ہے نیا مضمون یہ اک سمجھو بلاقِ یار کا
قفل گویا ہے درِ گنجینۂ اسرار پر

ہو مرغ کو سیند ور سحر کا یہ سپیدا
یارب نہ سُنا تفرقہ پرداز کی آواز
کھُل جاتے ذرا حضرتِ داؤد کے بھی کان
سمجھو مرے سُنتے جو خوش آواز کی آواز

دل چرانے میں ہات ہلکا ہے
نہیں خوبوں کا اعتبار افسوس

ہوس تھی آمدِ محشر خرام قاتل کی
سو ٹھوکروں میں پھری اپنی ماری ماری لاش
موئے ہیں ہم غم پردہ نشیں میں صورتِ شمع
کفن میں صبح نہ آئی نظر ہماری لاش
یقین تھا ہمیں جوں نقشِ پاگلی سے تری
اٹھانے دیگی نہ یہ اپنی خاکساری لاش
رگڑ کے ایسے موئے ایڑیاں ترے بیمار
کہ اپنی گور میں اپنی ہی بس اُتاری لاش
اُٹھے ہیں ہو کے سُبک ہم جہان سے سمجھو
گناہگاروں کی ہوتی ہے ورنہ بھاری لاش

رونے سے مرے دل کے نہ ہو مضمحل آتش
یہاں گل کی طرح آب سی ہے مشتعل آتش
بجلی کے ہوا ابر میں چھپنے سے یہ روشن
ہے خندۂ پنہاں سے ترے منفعل آتش
آہِ دلِ آتش ہے نہ سمجھو اُسے شعلہ
از بسکہ لبوں سے ہے جو اسکے خجل آتش

دامنِ پشواز ٹھوکر سے اُچھل جاتا نہیں
مارتا ہے موج یہ بحرِ لطافت وقتِ رقص

کہے جو اُن کو کوئی مرجاؤں شمع ساں کہ مجھے
رکھے ہے زہر کا بس تلخئ جواب خواص
تصور اسکا مجھے بیخودی میں ہے سمجھو
کہ بہرے عشق کا ہے اِسنہ خواب خواص

یقینِ حرفِ وفائے بتاں یار سے ہو
کہ خود وہ بے اثر او رتس پہ بے نشاں اخلاص

نصیب لڑتے ہیں وہ ماہ پھر ہے صلح کناں
رکھے ہے ہم سے کچھ ان روزوں آسماں اخلاص

ادائے دوست پہ تھا خوں سرِ قرض
کیا رشک عدو نے وہ ادا قرض

شبِ ہجراں میں مرنا تھا پہ لاچار
قضا نے کی جو سُستی رہ گیا قرض

جلا کیا شمعِ کشتہ پر مرا جی
قصاص اسکا تھا مجھ پر کیا بلا قرض

خط کترنے جو گل اندام نے چاہی مقراض
چہچہے کرتی تھی بلبل کے سے کیا ہی مقراض

دامنِ قاتل نچوڑا پنجۂ مژگاں سے ہے
اشکِ خونی کا تو سمجھو اک بہانا تھا فقط

مجھ ناتواں سے ٹوٹ سکا اس کا کیا لحاظ
پردہ اُٹھا دے یار کا توڑا اے صبا لحاظ

خلوت میں اُس نے آتے ہی مجکو اُٹھا دیا
سمجھو میں اس کی آنکھوں میں گویا کہ تھا لحاظ

آسیرِ باغ کو شبِ تاریک ہے تو کیا
ہر شاخِ گل جلے گی ترے آگے جائے شمع

پاؤں میں اس کے رنگِ حنا ہو گیا سیاہ
قد شعلۂ چراغ ہے وہ سایۂ چراغ

منظور اب ہے دیدۂ خونبار کو کہ ہو
تیار کوئی اس کے سرِ رہگذار باغ

ہر شرارت پیشہ کو سمجھ بچپانا دیکھ کر
آگ غفلت سے لگا دیتا ہے اماں میں چراغ

ناخن سے اپنے خط کے ہیں ہم نے بنائے حرف | یادِ خراشِ دل اُسے شاید دلائے حرف
غصے کا یار کے جو نہی اندیشہ آ گیا | لکھ کر سوال بوسے کا لب تک اُٹھائے حرف
کیا خاک سوکھے دیدۂ تر کا لکھا جو حال | کتنا ہی ریت ڈال کے ہم نے سُکھائے حرف
لکنت یہ بے سبب نہیں لب اس قدر ہے تنگ | ٹکڑے نہ جبتلک ہوں تو کیونکر ہو ادائے حرف
مکتوب میں جو بات ہے ہم میں کہاں یہ بات | خوش آئے ہم کو گفتگوئے بے صدائے حرف

یوں توڑے شیشہ محتسب اور اس طرح ملے | بنت العنب کی خاک میں حرمت ہزار حیف

تیجو وہ یار بھی ہے شراب اور ماہتاب | یہ نعم الاتفاق ہے اور حُسنِ اتفاق

جنبشِ دامنِ جاناں کو ذرا دیکھ مسیح | جان پا کر متحرک ہوئی تن سے پوشاک

زخمہائے تن پہ رکھتا چن کر پلکوں سے اُسے | کاش اشک شور میر اگر کے بن جاتا نمک
جل گئی ہے موجِ تیغ خندۂ دنداں نما | ریزۂ الماس سے مانگے ہے دل میرا نمک
خندہ سے واقف نہیں مطلق لبِ شیریں یار | ہے دیارِ حُسن میں شکر سے بھی مہنگا نمک

تیجو لبِ دلبر پہ ہوا سبزہ نمودار | لایا ہے عجب کچھ یہ نگینِ شجری رنگ

عاشقِ زلف کا بلبے اثرِ بختِ سیاہ | کہ ہو منظور اسے شمع بجھانا شبِ وصل
شرم سے یار کے منہ پھیرنے کا ہے یہ علاج | آئینہ چار طرف اب کے لگانا شبِ وصل
انقلاب اس کے سوا اور نہ دوراں دکھلائے | کہ تری پائنتی ہو میرا سرہانا شبِ وصل

شیریں لبوں کو جو سئے دشنام کھائیے — پرہیز کیوں کریں کہ نہیں اب دوا قبول
آغوش میری خالی ہے مدت سے اے حکیم — قولِ خلا محال ہو ہجراں میں کیا قبول

دہانِ یار کی تنگی نہ پوچھو — کہی جاتی نہیں ہے بات مشکل

گو چرخِ ہفتمیں پہ دماغِ عدو ہے خیر — سمجھو تو بیچ کے سایے سے بس ابن زحل کے چل

ناتوانی نے نہ شرمندہ مجھے ہونے دیا — ورنہ منہ تھا مجھے ناصح کو دکھانا مشکل
کشورِ حسن میں کس مرتبہ ہے قحط یقیں — آگے خوبوں کے قسم کا بھی ہے کھانا مشکل

شیشۂ ساعت سے ہیں ہم خاکسار — خاک ہیں بس اپنے پیراہن میں ہم
لاغروں کی بھی ہیں آنکھوں میں حقیر — تارے ہیں دیدۂ سوزن میں ہم
پہنے ہے موتی کا زیور گلبدن — اشکبار اب ہونگے پھر گلشن میں ہم
آبِ زر سے لکھتے ہیں اس لیے وصف — جڑتے ہیں یاقوت کو کندن میں ہم

طغیاں کی علامت ہے بہت چمکے ہے گر برق — طوفان مچا دے گا یہ ہر بار تبسم
موسیٰ پہ برستا تھا دمِ شب یہ ہے وہ شہد — منہ سے ملے ہونٹوں کا شکر بارِ تبسم

نمود اپنی ہے بس اس شمعِ بزم آرا سے دنیا میں — غرض ہیں صورتِ تصویرِ فانوسِ خیالی ہم

یاد کر دشت میں کوچے کو ترے آبلوں سے — پھوٹ کر لگتے ہیں رونے مرے ہر بار قدم

ایڑیاں تھک کے تری راہ میں گھِس گئیں یہاں تک — خار پا سے ہوئے ہیں ریش میرے یار قدم
ندیاں کوچے میں بہنے لگیں اس ظالم کے — ایسے بیماروں نے رگڑے پسِ دیوار قدم

بلا سے برقِ آفت ہے تو ہے ہم پر گرے لیکن — نگاہِ یار سے رکھتے ہیں یہ چشمِ عنایت ہم
سراپا چشم ہے نقشِ سمِ آہو سے کل صحرا — کوئی طرفہ تماشا ہیں ترے مجنونِ الفت ہم

مہندی لگا کے سینکتے ہیں وہ تو اپنے ہات — اور لوٹتے ہیں آگ پہ ان کی حنا سے ہم
زلفیں سنوار شامتِ عشاق سے نہ ڈر — ہوں گے بھی گر اسیر تو تیری بلا سے ہم

تنگ وحشت سے ہم کو ہے صحرا — اب کدھر کو نکل کے جاویں ہم

سبزۂ پشتِ لبِ یار سے لازم ہے حذر — شہد میں زہر ملا کر وہ دیا کرتے ہیں
میں وہ مجنوں ہوں کہ صحرا کی مرے خارِ خسک — دامنِ برق کے بھی لتے لیا کرتے ہیں
فرمیشن ہیں مگر عاشق و معشوق تمام — بن کہے آنکھوں میں پہچان لیا کرتے ہیں

مر گئے پر بھی ہو چکا آرام — گر یہی آسماں ہے زیرِ زمیں

روشن ہے یہ مکر جا ندنی سے — مکار ہیں جتنے مہ جبیں ہیں
تیغ ان سے نہ اٹھ سکی یہاں سر — ہم اُن سے زیادہ نازنیں ہیں

ترے غمزوں میں شیشے کے بنائے جس نے در وا کئے — عزیمت خاں ہے اس نجار کا اب نام عالم میں

عبث یہ تھا بقدم کاکل سیاہ نہیں (؟)
وہ کون ہے ترے قدموں کا بوسہ خواہ نہیں

قبائے سبز پہن دو نہ سرو کا دھوکا
نہ پھر یہ کہیو کہ میں آبِ زیر کاہ نہیں

بلند اہلِ صفا کی نگاہ میں ہیں پست
فلک کو دیکھ لو آئینہ میں وہ جاہ نہیں

نہ کیونکہ دیکھ رہے آئینہ ہے پشتِ قدم
حیا سے وہ کئے نیچے عبث نگاہ نہیں

سوچا نہ کچھ مآل کہ بیٹھا ہے یار بھی
گل شمعیں اپنی آہ سے بزمِ عدو کی ہیں

مژگاں خلافِ وضع تری کر گئی ہیں کام
گو سوئیاں بعینہ بس وہ رفو کی ہیں

بار جس سینے سے ہو تیری نگہ وہ نہ اُٹھے
زخم رکھتی ہے مری طرح سے کاری چلون

اس کا مقدور تھا یوں بیچ میں حائل ہوتی
تیری پشتی سے ہی روکش ہے ہماری چلون

سیمابِ مقید ہوں میں شیشے میں جہاں ہوں
بے تاب ہوں اندازۂ گرمی کا نشاں ہوں

ہمراہِ صبا خاک ہوں میں نالہ کناں ہوں
گویا جرسِ قافلۂ ریگِ رواں ہوں

خاصیتِ ضدین مری ذات میں ہے جمع
نظروں میں سبک ہوں تو میں خاطر پہ گراں ہوں

گویا ہوں جوابِ دہنِ یار میں نالاں
خاموش رہوں تو نہ کوئی جانے کہاں ہوں

میں سنگ سے اطفال کے ہوں تا بکمر غرق
مانندِ فلک زیرِ زمیں نصف نہاں ہوں

جوں عکس میں لاغرِ حزیں ہوں
آتا ہوں نظر پہ کچھ نہیں ہوں

ہوں زیرِ فلک سدا مکدّر
جوں دُرد میں خم کا تہ نشیں ہوں

بوٹے سے ہے قد کا دل میں نقشہ
میں کیا شجری کوئی نگیں ہوں

اب پشتِ لبِ اس گل کے آغاز ہے سبزے کا
آبِ دُرِ دنداں کی تاثیر اسے کہتے ہیں

دو تیری ہیں خوش جمال آنکھیں
جاتے ہیں مُجرا غزال آنکھیں
رو رو کے غبار لائیں آخر
دیکھ آئی ہیں کس کی چال آنکھیں
اس باغ میں کھول دیکھ سمجھو
تو کر کے ذرا خیال آنکھیں
شبنم سے ہے پات پات جلوہ
نرگس سے ہیں ڈال ڈال آنکھیں

حادثاتِ چرخ کب ہر دم نہیں
تیروں کی برسات کو موسم نہیں
گہنا موتی کا اُتارا یار نے
دھوپ نکلی گل پہ اب شبنم نہیں

میں بھی گویا رجال غیب سے ہوں
ہوں نحیف اسقدر جدائی میں

کون یہ پاک گھر آکے رہا آنکھوں میں
مردمِ دیدہ جو اشکوں سے یہ گھر دھوتے ہیں
چاندنی سی ہے جو دالان میں سارے سمجھو
کیا وہ بے پردہ چھپر کھٹ میں مگر سوتے ہیں

پسند ترکِ ادب مجکو تیرا جان نہیں
سو دست و پا میں دمِ نزع کھینچ تان نہیں
مجھے کچھ آئے ہے رونا سا خندۂ گل پر
ہزار شکر کہ وہ شوخ بدگمان نہیں

اکیلا اور عریاں دور ہوں اس جھرتاباں سے
زیادہ جی جلا گرمی میں سمجو آب کے سایہ میں

جوشِ گریہ نے نہ چھوڑا کوئی تنکا باقی
رشکِ اغیار سے کھٹکے تھا یہ گھر آنکھوں میں

فیضِ شادابیٔ رنگین مزاجاں ہے رسا — گر حنا پاؤں میں ملئے ہوا تر آنکھوں میں
پردۂ چشم ہے یا پردۂ فانوسِ خیال — شکل پھرتی ہے تری آٹھ پہر آنکھوں میں

دکھلاتا اس کا منہ جو نہ ہوتا نقاب میں — دیکھا نہ ہوگا تو نے زلیخا یہ خواب میں
جادو ہے کوئی محرمِ آبِ روانِ یار — چڑیا کو جس نے بند کیا دو حباب میں
ہم مستِ چشمِ یار ہیں ساقی ڈبو کے دے — ہم کو کوئی کباب ہرن کا شراب میں

اشکوں نے میری رکھ لی کیا آبروئے عزلت — مثلِ حباب لیکر پھرتا ہوں گھر سفر میں
جب تم گئے غش آیا اور وہ گیا تم آئے — ہے میری بیخودی کو ضد تم سے ہر سفر میں

داغِ اشکِ خوں سے خالی عشق میں کب ہے کنار — گل برنگِ خار دامن گیر اس بستاں کے ہیں

اس کی نوخیز چھاتیوں کے سے — پھول گلشن میں ایک اس نہیں
اور بھی ہیں تو اس قرینے کے — ایک بوٹے کے پاس پاس نہیں

ہو تجکو حنا اور مجھے اک نوع کی ٹھنڈک — مل جاوے جو پاؤں سے اگر تو مری آنکھیں

تھا صورتِ عکسِ آب کیا میں — جاتے ہی تمھارے بس نہ تھا میں

کوئی ہیرا نہ کھائے دیکھ لے دانت — مسکرایا کرو ہنسا نہ کرو
ہمدو سروِ قد سے مجکو ملا دو — نیم سے تپ کا ٹوٹکا نہ کرو

دیکھو سمجھو زمانہ نازک ہے ‏ ‏ ‏ ‏ عشق اس کی کمر کا جانے دو

کیا ہے شوقِ دل لکھکر روانہ کوئے دلبر کو ‏ ‏ ‏ ‏ کبوتر کیا کہ میرا لے اُڑا نامہ کبوتر کو

ہوا ہے آئینہ جب سے حضور صاحب کے ‏ ‏ ‏ ‏ ہمارے یار بھی تم ہو رقیب بھی تم ہو
مسیح تم ہو یہ انگڑائی لو جو ہو کے کھڑے ‏ ‏ ‏ ‏ ہمارے قتل کو شکلِ صلیب بھی تم ہو

اب چشم ہے خدا سے ہم کو کرم کے ساتھ ‏ ‏ ‏ ‏ دل سا رفیق پھر گیا چشمِ صنم کے ساتھ
چپ بیٹھ رہنے دو مجھے بس منہ ہی مت لگاؤ ‏ ‏ ‏ ‏ آتی ہے جان لبے کی طرح ہر دم کے ساتھ

آ گئے ہے اس مہروش کے چشم پرنم آئینہ ‏ ‏ ‏ ‏ اُڑ کہیں جائے نہ مثلِ آبِ شبنم آئینہ
یار کے دیکھا تنِ شفاف سا کم آئینہ ‏ ‏ ‏ ‏ سر سے پاؤں تک ہے وہ جوں قدِ آدم آئینہ
کھیلتے تھے لیکے میرے دل کو طفلانِ حسین ‏ ‏ ‏ ‏ توڑ ڈالا کس نے یہ واللہ اعلم آئینہ
ہے اشد تحقیق قید الما من قید الحدید ‏ ‏ ‏ ‏ گھر سے کس صورت سے باہر آئے ہمدم آئینہ
اہلِ عالم کرتے ہیں پشتے سے یہاں پیدا نمود ‏ ‏ ‏ ‏ ہو نہ بن سیماب صورت گیرِ مردم آئینہ

جھکا قامت اپنا ضعیفی میں سمجھو ‏ ‏ ‏ ‏ جوانی کے بھی بانکپن سے زیادہ

یہاں رات بھر مدام درِ میکدہ ہے باز ‏ ‏ ‏ ‏ کچھ دورِ کمینی نہیں چشمِ بتاں ہے یہ
کانوں میں انگلیاں وہ رکھے نالے میں کر لی ‏ ‏ ‏ ‏ اُلٹی ہمارے عہد میں رسمِ اذاں ہے یہ

کیا مزا دے ہے وہ رُخ دیکھ کے غش ہو جانا　　خواب شیریں ہے کہ اک وقت سحر آتا ہے

رحلِ ابرو پہ جبیں سا تیرے قرآں چاہیے　　صادق الاخلاص مجھ سا ناظر خواں چاہیے

کچھ تو دنیا کی ہوا کھائیں فلک کے ساکن　　عرش کی سیر کو ہے آؤ رسا کی مرضی

کہیں کھٹکے نہ حسن و عشق میں پھر　　تیر مژگاں سے دل لگی سی ہے
پھر یہ تاریکی زلف کی کیا ہے　　منہ کی حالت تو چاندنی سی ہے
آ ہوئے چشم یار کو سمجھو　　ہم سے اک گرگ آشتی سی ہے

صرف نحو عشق کا پوچھو نہ حال　　ق　　بے قیاس اس فعل میں تعلیل ہے
غم مضاعف فکر ناقص وصل شاد　　بے مثال اس کے سر ایک تاویل ہے
علمِ آزادی میں ہم علامہ ہیں　　دل ہمارا فارغ التحصیل ہے

قاتل کی میں شکل دیکھ تو لوں　　اے خنجرِ آب دار دم لے
جلدی نہ کر اے اجل کہ سمجھو　　ہے کشتۂ انتظار دم لے

زبس بلا کشِ راہِ صدا انتظار ہوئے　　ہمارے دیدۂ پُر نم بھی پُر غبار ہوئے
کھڑا ہے غرفے میں آتش کا کون پرکالا　　کہ تارِ شمع جو چلون کے تار تار ہوئے

کیا اُڑا دی وہ مری سونے کی چڑیا تو نے　　ہائے گردن نہ تری مرغِ سحر ٹوٹ گئی

نہ کیونکہ سر سے گذر جائے موجِ خونِ شک
دوپٹا یار نے اوڑھا ہے آج شنجرفی

دی طباشیر رنگِ باختہ نے
رہے کیا کیا بخارِ اُلفت کے
نزع میں آئے سو بھی ہمرہِ غیر
تا کہ مر جاؤں مارے غیرت کے

ہے تجلی گاہ موبافِ زری کے نور کی
اسکے کب جوڑے کو پہنچے چوٹی کوہِ طور کی
کیا لگے دل گھر نیا اور لوگ سارے غیر جنس
خوش نہ آئے یار بن صورت بہشت و حور کی

کون در سے ترے قاتل کے مگر پاس آتا ہے
کیا غضب تیر بھی آتے ہوئے تھراتا ہے
غم سے خالی نہیں دنیا کی خوشی کے بھی کام
سر بھی دیتے ہیں تو اشک نکل آتا ہے

ماہ تیرے روبرو ہو پانی پانی شرم سے
چادرِ مہتاب بھی بنجائے چادر آب کی

از بس دہانِ دلبرِ انگریز تنگ ہے
کیا نکلے مُنہ سے بات کہ قیدِ فرنگ ہے

چراغِ طور فندقِ یار کی موسیٰ کو دکھلا دے
انگوٹھا ملکہ اترا کے یدِ بیضا کو دکھلا دے
بلند از بس ہوا تیری مسیحائی کا اب شہرا
عجب کیا آسماں پر گر زمیں عیسیٰ کو دکھلا دے

اپنا تو ہے دم حباب کا بس دق
کیوں خضر نے عمر جاودانی کاٹی

مجکو کیا ہے پست فلک نے یہاں تلک
ممکن نہیں بگولہ مری خاک سے اُٹھے

عطرِ فتنے کا میں یوں غیر کو ملنے دوں اُسے　　پر مرے جی میں یہ آتا ہے کہ شر کیلیجے

خاک تھا اُس بزم میں دیکھا جو کچھ　　آنکھ اپنی صورتِ گلگیر تھی
ضعف سے جوں زلفِ خوباں پاؤں میں　　بے صدا دائم مری زنجیر تھی

اُٹھ سکے کیا ہم سے جورِ زلفِ یار　　اب نہ وہ بل ورنہ وہ طاقت رہی

کون بالائے ماہتابی ہے　　چاند کو چھپنے کی شتابی ہے
کون سیماب وش نہا کے گیا　　یوں جو موجوں کو اضطرابی ہے
مہ کے جلوے پہ پھر گیا پانی　　یار اوڑھے دوپٹا آبی ہے
چاند ہوتا ہے صدقے سایے پر　　کس کے گھر کی یہ ماہ تابی ہے

رخسارِ یار کو عرق آلودہ دیکھ کر　　گلشن کے سارے پھولوں پہ پس اوس پڑ گئی
زنجیر کا خدا کرے آباد گھر رہے　　ہاتوں سے اُس کے پاؤں کی اپنے رگڑ گئی
تسجو غبار اپنا اڑا اُس گلی سے جب　　اک خاک تھی کہ چشمِ رقیبوں میں پڑ گئی

منہ اس کے گا ہے جانبِ ابرو نہ کیجیے　　قبلہ بھی ہو تو سجدہ ادھر کو نہ کیجیے
گہہ اپنی چشم و ابرو سے کافر خدا سے ڈر　　یوں رہ کے عین کعبے میں جادو نہ کیجیے
پانی ملا کے مے نہ پیو دستِ غیر سے　　پانی کسی کا رشک سے لوہو نہ کیجیے

ماہ نے اس سے جو لی رات لڑائی منہ کی　　تا ابد داغ لگا ایسی تو کھائی منہ کی

سرمگیں اشک کی مانند عجب کیا ہے خال　　گرد ڈھلکنے کو لگے ہو یہ صفائی مُنہ کی

ٹھنڈ میں کب مُنہ سے نکلے ہے دھواں دل جل گیا　　سرد مہریِ بتانِ آتشیں رخسار سے
گھر مگر سمجھو یہ اسکے عاشقِ گریاں کا ہے　　بیکسی جس کے برستی ہے درو دیوار سے

اس نے چٹکی لی تو کیا ہے درد میٹھا سا ہوا　　انگلیوں کا پور ہر اک نیشکر کا پور ہے
دل شکستہ مجھ سے دشمن کا بھی ہو سکتا نہیں　　ناتوانی کا بھی عالم اپنی سمجھو زور ہے

مہروش کی ہے چوٹی ایڑی تک　　سر پہ شام آے سایہ ڈھلتا ہے
کس کی آئی مساس عشق میں یاد　　دل کوئی سینہ میں مسلتا ہے

جان اٹکی ہے لبوں پر جیسے اٹکا دل مرا　　ہو گیا مرنا بھی مشکل آپ پر مرنا مجھے
لاش لاوارث کی سمجھو کس کو غم تجہیز کا　　صبح آیا کیا ہی رونا شمعِ کشتہ پر مجھے

دیکھ اپنا عکسِ چشم وہ بیخود مدام ہے　　آئینہ اُس کے ہاتھ میں صہبا کا جام ہے
جو ہو سو منہ پہ صاف کہیں شکلِ آئینہ　　آئین میں ہمارے تقیہ حرام ہے

قیدِ ہستی ہے بے ثبات اپنی　　پا بزنجیر آب کی سی ہے
اس کے برقعے کی کیا کہوں حالت　　چادرِ ماہتاب کی سی ہے

ضعفِ وحشت میں سگِ کوئے صنم یاد آیا　　ہم نے پھاڑا جو گریبان تو دامن اس نے

زیست وصلِ وصال دوری ہے — دیدہ نادیدہ حضوری ہے
انوری کا قصیدہ ہے قامت — خط جو ہے نورِ ظہوری ہے

جی نہیں اُٹھنے کو ہوتا صورتِ نقشِ قدم — خاک بھی سورت کی سمجھو کیا ہی دامنگیر ہے

مَل کے مسّی کو کچھ اُس پر سے اُتارا کیجے — کیونکہ لوگوں نے ہے دانتوں پہ چڑھائی مسّی

آئینے میں وہ دیکھ ذقن اپنی غش ہوئے — درپیش بیچ ہے چاہ کنندہ کو چاہ ہے
ہاتھ اپنے ان کے پاؤں کی جانب ہیں دوڑتے — گستاخیوں سے پہلے ہی عذرِ گناہ ہے

شب حیلے نے رخصتِ بے پردگی اسکو نہ دی — ورنہ کھل جاتا ترا پردہ مقرر چاندنی
زخمِ دل کو یہ مضر نورِ بصر کو وہ مفید — گردِ راہِ یار سے ہوگی نہ بہتر چاندنی

لچکتی بارِ نظر سے تری کمر لگتی — نظر نہ آئی تو اچھا ہوا نظر لگتی

لکھا ہے قصۂ سوزِ دروں میں ڈرتا ہوں — ہوائے بالِ کبوتر سے خط بھڑک نہ اُٹھے

آنکھوں میں شکل پھر گئی کس کی ہے مثلِ شمع — شعلے بھڑک اُٹھے مرے تارِ نگاہ سے

حرف الشین معجمہ

شایق تخلص صدر نشین دودمان سیادت و عالی نصاب خاندان فخامت

میر غیاث الدین نام از سادات گرامی و روسائے نامی سورت۔ دگر صفات حسنہ و اوصاف حمیدہ زبان زدِ خاص و عام و مشہور انام است۔ در فنون عربی بے عدیلِ زماں و در فارسی بے مثالِ آواں گلشنِ سخن را بانواع گلہائے رنگارنگِ معنی بر ہمزنِ ہنگامۂ گلستانِ کشمیر ساختہ و گلبن نظم را صفوفِ شجراتِ متانت رونق تازہ و زینت بے اندازہ بخشیدہ سنبلِ کلامش پُر پیچ و تابے است چوں زلفِ مہوشانِ گلعذار جنالیش سرو سہی است بباغستان فصاحت ہمیشہ بہار سہذا کلکِ دُر سلکش در واقعہ آں گلگوں کفن عرصۂ قیامت و شہسوار میدان شہادت جناب سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا اشکبار است سہذا من کلامہ

ہے آسماں زمیں پہ زمیں آسمان پر ظاہر ہے آئینہ میں زمانے کا انقلاب

برسے لگتا ہے تو بھی کچھ نہیں کرتا ہے بات بن گیا اُس بت کا تصویرِ نہالی کا مزاج
کچھ نہیں جائے تعجب اس کی ہو گر طبع گرم ذاتِہ ہوتا ہے پُر حدت لآلی کا مزاج

شمع نے اور میں نے سوزِ عشق سے رات رو رو کر گذاری تا بصبح

زبس پاسِ ادب ہر چند تھا دل میں مجھے لیکن کیا ہے آپ کی ان شوخیوں نے ہقدر گستاخ
کچھوں کو تیرے مقناطیس کی بیشک ہے خاصیت مرا دستِ رسا ہرگز نہیں ہے سیمبر گستاخ

نام شائق وہ اگر بھول گیا غم کیا ہے خلطِ اصلی میں ہے نسیاں کو بشر سے پیوند

جل گئے عشق میں سے سر سے قدم تک تو بھی آفریں شمع کی نکلی نہ زباں سے فریاد

سُرخ تکمہ نہ گریباں میں سمجھ شیریں کے — بلکہ وہ اُس کے گلوگیر ہے خونِ فرہاد

دلِ شایق ہے شیشۂ شفاف — شوخ کے دل میں ہے غبارِ افسوں

جلترنِ ساغر کلہے اور قلقلِ مینا کا راگ — بن گئی ہے محفلِ عشرت دوکانِ مے فروش

دامن میں قطرے ہے مرے خونابِ اشک کے — لازم ہے تجکو لالِ بدخشاں کی احتیاط
رو رو کے پھوٹ جائیں گے مثلِ حبابِ بحر — شایق کر اپنے دیدۂ گریاں کی احتیاط

مثلِ بادِ تند پُر طغیان و پُر طوفاں ہو جب — آہ کو اپنی کرے کیونکر ترا بیمار ضبط

کب فرق ہے رشتہ میں تیٔ یہ شیخ و برہمن — کرتے ہیں عبث سبحہ و زنار میں تفریق

کس کی ہے تیغِ ادا کا استویٰ خطِ رُخ پر — ابر کے پھائے رکھے ہے اس پہ جو وہ آتلک

تند اس حد ہے ہوا آہ کہ مرنے کے بعد — پھول تربت پہ ہوئے میری چڑھانا مشکل
بے نظیری سے کیا بت نے خدائی دعویٰ — آئینہ اس کو ہوا اب ہے دکھانا مشکل

دل کی مرے ہزار جو آنکھیں ہوں کیا عجب — رکھتی ہزار میں ہے بلا شک ہزار چشم

مہ جبیں کی یاد آئی اوڑھنی — چادرِ مہتاب سے کچھ کم نہیں

اوڑھنی تارکشی سر پہ پری رو کے دیکھ　　تنکے چنتی ہے نگوں سر ہو بچاری چلون
عشق کا دیکھ نتیجہ کہ بنائی اس نے　　جسم کی میرے رگیں کھینچ کے ساری چلون

پہلو میں دمِ خلوت باناز و ادا تیرے　　نکلی جو دہاں سے تھی وہ بات ہے آنکھوں میں

غمگسار نہیں ترے ہوں یا کہ اغیاروں میں ہوں　　جو میں ہوں سو ہوں غرض ترے گرفتاروں میں ہوں

جلایا جب سے اسکی زلفِ مشکیں پرشکن نے دل　　تو جو ہر بوے عنبر ہوے اسکی زلفِ پیچاں میں

ابخرے دل کے ہیں یہ شمس و قمر　　ایک ناری ہے ایک آبی ہے

جامۂ آبی میں قلزم کے کہاں ہے وہ چینت　　موج خیز اس کے جو یا جامۂ اطلس میں ہے
دلبری میں اسکی آنکھوں کا ہو کیونکر فیصلہ　　ایک ساغر مست ہیں دو کشمکش آپس میں ہے

اس کے اور میرے جو ہیں بدنظری کے اطوار　　دیکھ کر چشم کو نرگس کی حیا آتی ہے

روزن کرے دیتی ہے مرے شیشۂ دل کو　　چتون ہے تری یا کہ یہ ہیرے کی کنی ہے

بہت دشوار ہے گوہر کو پانی　　ہمارے اشک کی جو آبرو ہے
میں قرباں ہوں تصور کے کہ ہر دم　　دکھاتا شکل تیری ہو بہو ہے

خواب کب ہے خیال نے اسکے — ایک فتنہ بڑا جگایا ہے
ہے گلابی جو ہچکیاں لیتی — کوئی مے خوار یاد آیا ہے

جلانا مارنا ہے عاشقوں کو اسکے قبضہ میں — صفاتوں میں نشہ کل بت ہے پر کرتا خدائی ہے

یہاں تک تو نزاکت ہے کہ ڈالے جو گلے میں — زنار ہوی خون کی زنار کے نیچے

نہ ہلا تو ہی نہ خنجر قاتل شایق — پیشتر عادت بسمل کبھی ایسی تو نہ تھی

شہسوار تخلص مرزا غلام علی نام از مغل زادگان بوده مسکن در سورت داشت در عین بہار زندگی صرصر اجل گل وجودش را پژمرده ساخت عزیزی این شعر بنامش خوانده و دریں اوراق ثبت آمده

آج تبخالہ لب نازک پہ اسکے ہے عیاں — کیا شہسوار تم نے ملائے ہونٹ اسکے لب سے لب

شرفو اسم باسمی شخصے بود در سورت پیشہ چابک سواری داشت ہمعصر عبداللہ شاہ تجرد و میران اللہ نا در بوده از و راست

منہ پر پردے نے دکھایا ہے خدا خیر کرے — دل کو نظروں میں اڑایا ہے خدا خیر کرے

شعلہ تخلص نامش حسن یار مشہور بہ بڑے آقا از اہل سورت مذہب اثنا عشریہ می دارد در ابتدائے مشق با مجی غلام محمد شمو صاحب بازار مشورۂ سخن گرم میداشت دیوانے مختصر فراہم آورده مرد وارستہ مزاج و خوش اختلاط دریں ایام ارشد اولاد فارس خانست من کلامہ

تیرے کاکل کے تصور میں مجھے اے شعرو — شمع کی لو پہ دھوئیں کے بل بھی دکھلاتے ہیں سانپ

دیکھکر زلف تری بہتی نہیں حیرت سے ورنہ جوہر سے ہے آئینہ حیران میں موج

کہاں میں اور کہاں وہ دامنِ یار چہ نسبت خاک را با عالمِ پاک

نالے جاہیں ہیں خاک سے برباد اسمد وسیل اشک بھڑکے آگ
ہو دیں پامال سیکڑوں بےدل وہ جو لے ناز کے سمند کی باگ

کیا دکھاتی ہے ہمیں یہ چشمِ تر دیکھینگے ہم مثلِ آئینہ بھرا پانی سے گھر دیکھینگے ہم

اُلفت کی جو تیغ کھائیں گے ہم داغوں کو سپر بنائیں گے ہم
ایسا ہی بتو ستاؤ گے تو اللہ حرم کو جائیں گے ہم

زہر کا کام کیا تیرے لبِ شیریں نے ہم ترے لعلِ رواں بخش سے بیجان ہوئے

شعلہ کے دے ہے ہاتھ میں سررشتۂ اجل زر کا مباف کاکلِ پیچاں کبھی کبھی

شعلہ کدھر سے آئے بھکتے ہوئے یہاں تم کرتی ہے چشم پر خوں کیوں یوں شررفشانی
آویزہ گہر سے روشن ہے اس کے رُخ پر ٹپکے ہی پڑتی ہے وہاں خوبی و نوجوانی

شوق تخلصِ نقشِ رنگینِ سخندانی و فیضِ خاتمِ خوش بیانی مظہرِ فیوضِ الٰہی میر عباس علی پورِ حضرت قاضی سید زین العابدین قدس سرہٗ سلسلۂ نسبت بحضرت محبوبِ یزدانی پیر دستگیر روشن ضمیر حضرت سید احمد جعفر شیرازی رحمۃ اللہ علیہ منتہی میگردد در ہنگامہ کہ والد

بزرگوارش منزل گزینِ خلد بریں شدند معززالیہ بسن تمیز رسیدہ بود نواب گورنر جنرل بمبئی نظرِ علوے خاندان آباء کرامش نمودہ مبلغ پنجاہ روپیہ بنامش مقرر کرد۔ بالجملہ مومی الیہ تقویٰ و صلاح و ورع و فلاح را شعارِ ذاتِ نیک کردار خود ساختہ اتباعِ شریعتِ نبوی غایت و تقلیدِ ملتِ حنیفِ حنفی نہایت۔ در فارسی دستگاہِ ارجمند و در حلِ نکات قوتِ دلپسند چوں شوق دریں فن شوقِ تمام و رغبتِ تمام میدارد افکارِ صحیحہ فصیحہ سرمیزند شاہدانِ سلاست ابیاتش بکرشمہ و ناز شکیب ربائے زرت اندیشانِ بلاغت گوش و گلعذارانِ نکاتش بغمزۂ جادو فریب اضطراب افگنِ اربابِ عقل و ہوش خلاصۂ فکر ایشان است

خواب مے نوشی مجھے آتے ہیں اس میں شیخ
اس جگہ شاید کسی ہنگام میں مے خانہ تھا

لے گیا قاصد کو میرے یوں اُڑا مکتوبِ شوق
بات کرنے میں ہاں تھا وہ یہاں گویا نہ تھا

شمعِ حسنِ یار پر قربان ہونے کے لئے
کونسا پروانہ تھا محفل میں جو پروانہ تھا

کاہے کو ہو دے غم ہمیں اپنی وفات کا
پانی ہے اس کی تیغ میں آبِ حیات کا

صاحب ہیں یہ بھی تو زرِ خوبی کے واعظا
کر حکم ان حسینوں پہ کچھ تو زکات کا

میں مژدۂ وصال سے اک دم میں جی اُٹھا
دم دے گئے آج رشکِ مسیحا و دبن گیا

مت آپ یہ کہو کہ نہیں آہ میں اثر
سو بار ہم نے چرخ ہے یوں تو ہلا دیا

تصورِ رُخِ رنگینِ یار میں مجکو
تماشا رہتا ہے آٹھوں پہر گلستاں کا

عجب نہیں دہنِ یار گر نہ آئے نظر
دکھائی دیتا ہے چشمہ بھی آبِ حیواں کا

دے دیا ہم نے دل جب لے شوق ایک دن آہ اس نے دل نہ دیا

کان کی بالی کا پتا تابشِ رُخ سے ترے ہو گیا گویا کہ پتا نخل دشتِ طور کا

دیا دل شوق نے اس بت کو کہکر توکلتُ علی اللہ تعالیٰ

ہے بسکہ شوقِ بوسہ تو بھرتا ہوں چومتا کوچے میں جس کے پاؤں ہوں میں نقشِ پائے دوست
ہم شوق سے اُٹھاتے ہیں بیداد اُسکی شوق تابِ عدو ہے کیا کہ اُٹھائے جفائے دوست

موجوں کی طرح سے ہے جو دل بیقرار آج وہ بحرِ حسن کس سے ہوا ہم کنار آج
آنے کا وعدہ ہے کسی گلرو کا اپنے گھر جا اور جا برس کہیں ابرِ بہار آج

مضمونِ مارِ زلف کیا آن میں شکار طاؤس جب خیال کا اپنے ہوا بلند

ہمنشیں ڈرتے ہیں بسکہ مجکو لاغر دیکھ کر بیٹھتے ہیں پاس میرے گر تو بستر دیکھ کر
اب کے ہے لگایا ہم نے خط شوق پر؟ تاکہ داغ اسے یاد آئے دیکھ کر

قاصد جواب خط مرا لایا نہیں ہنوز اس نوجواں کو خط مگر آیا نہیں ہنوز

وحشت میں یہ پہناتے ہوئے چارہ گر وہم اُس زلف کے ہیں ہم نہ کہ زنجیر کے مشتاق
تکلیف ذرا اے بت سفاک ادھر بھی صدقے ترے ہم رہ گئے شمشیر کے مشتاق

زندہ اک خلق ہو چلی ہے دفن   ہم نے وحشت میں یہ اُڑائی خاک
مرگیا میں جو قبرِ دشمن کی   بہرِ تسکیں اُسے کھلائی خاک

جنت کو چلیں اُٹھاکے حوریں   اُس کو میں جو جاکے مر گئے ہم

ہر روز دوربینِ تصور سے شوق ہم   دیکھا کسی کو کرتے ہیں ہر چند دور ہیں

جگر کے ٹکڑے کرو دل کو چور چور کرو   جو تم سے ہو سکے مت اے بتو قصور کرو

اس کے چہرے سے مہ کو کیا نسبت   بات ہے یہ بھی کوئی دور کرو
مہِ کنعاں کا حال ہے روشن   حسن پر مت بتو غرور کرو

یہی ہے سوچ جس کو تا نہ حرف آئے نزاکت میں   مقرر تم کو شوق آب سے لکھے گا نازنیں نامہ

کمر بند آپ کا ہے دامِ عنقا   میاں ثابت ہوا تیرے کمر ہے
پڑی ہے چاندنی ہر سو جو غش ہو   وہ مہتابی پہ شاید جلوہ گر ہے

شوق پھر اندیشہ کیا ہے تیرگیِ قبر سے   جی تصور میں ہے نکلا ایک شمع نور کے

سوجھے کیا خاک اس کے درباں کو   سُرمۂ سحر ناتوانی ہے
ہوویں عاشق کسی پہ کیا ہم شوق   خضر سی کس کی زندگانی ہے

گھر سے باہر نہ پمیر دنکل آیا کیجے ‌ ‌ ‌ ‌ سر یہ دیوانوں کے جن کو نہ چڑھایا کیجے

ہوا ہے ہاتھ مرا خالی سطرح اب شوق ‌ ‌ ‌ ‌ کہ دیکھنے کو نہیں زرمہ محرم کے

خوبیٔ طالع ہے یہ بھی کہ ہوں مجرم میں بھی ‌ ‌ ‌ ‌ ورنہ خوبی پہ تری یوں تو ہیں مائل کتنے

سفاک اپنا ہو نہ یہی شوق دیکھ تو ‌ ‌ ‌ ‌ آتا ہے کھینچ کے جو یہ تلوار کون ہے

شیدا تخلص خواجہ سعید نام ابن الخال نواب حسام الدین حسین خاں بہادر جغتائی نژاد بودہ اصلش از دہلی بود وے در بڑودہ از نہانخانۂ بطون قدم بعالم وجود نہادہ مرد نیک سیرت وخوش طبیعت بودہ ذہن سلیم وفکر مستقیم داشت در سرزمین سنگ لاخ دو دو سہ طرح غزل میکرد برجودت ذہنش این نقل زبان زد برنا و پیراست آوردہ اند وقتیکہ نواب مصطفی خاں شیفتہ مولف تذکرہ گلشن بیخار بعزم زیارت خانۂ مبارک وارد بڑودہ بودند مشار الیہ خبر نواب شنیدہ بحضورش رفت وطرحے خواست کہ براو طرح سخن کند نواب موصوف منزل زدہ وتعب کشیدہ راہ بود عذر عدم گفتن سخن بر ریختہ زبان آورد چوں التماس او از حد گذشت ناچار این بیت فرمود

احباب تنگ کرتے ہیں فکر سخن کو اور ‌ ‌ ‌ ‌ تنگ آرہے ہیں جان سے اپنی سفر میں ہم

شیدا کہ شیدائے این معنی بود بمجرد اصغاء این بیت غزلے گفت ومصرع اولی بیت نواب را التغیر دادہ ومقطع غزل کردہ بنظر ایشاں در آورد

شیدا طرح مانگے تو کہتے ہیں شیفتہ ‌ ‌ ‌ ‌ تنگ آرہے ہیں جان سے اپنے سفر میں ہم

شیفتہ بعد مطالعۂ غزل متبسم شدہ تحسین ومرحبا بر ذکاوت طبع شیدا خواندو در تحسین

مابین بعد الف راہی سفرِ حجاز بود بعد شرفِ عتبہ بوسی روضۂ مقدسہ فیما بین حرمین شریفین
زادہما اللہ شرفاً در عینِ عالمِ جوانی وصلِ لقائے رحمانی شد اللّٰہم اغفر وارحم صاحب دیوان است
آنچہ گفتارش بہم رسید ثبت گردید۔

ہر آن تیغ سے شیدا کو کیا ڈراتے ہو   بس آزما لیا جب جی میں آزمانا ہوا

بزم میں رونے لگا جو ابھی ہنستے ہنستے   تیرے شیدا کو خدا جانے کہ کیا یاد آیا

گھر میں آنا مرے آنا ملک الموت سمجھ کر   آیا ہے یہاں قاتل خونخوار کوئی شخص
میں نے کہا کوچہ میں ترے آؤں تو بولا   جاتا نہیں جنت میں گنہگار کوئی شخص
ہنستا کسی گل رو سے نہیں میں کہ مبادا   ہو جائے گلے کا نہ مرے ہار کوئی شخص

نہ ذوقِ سجدہ سے ہے برہمن نہ اہلِ دیں واقف   مگر ہے آستانہ ترا یا میری جبیں واقف

مجکو دعویٰ عشق میں تجکو غرورِ حسن ہے   میں کروں بلبل کو شرمندہ تو کر گل کو خجل

رشکِ عدو سے رنج اُٹھاتے ہیں گھر میں ہم   آرام کے لئے ہیں خیالِ سفر میں ہم

بیمارِ محبت کو ترے رشکِ مسیحا   تعویذ کی جا ہے تری تصویر گلے میں

قصدِ توبہ شکنی خلد میں حوروں کو ہوا   تا دمِ مرگ جو شیدا نے نبھائی توبہ

کیا بڑی عمر ہے یاد اس کو ابھی کرتے تھے ۔۔۔ وہ سواریٔ بت ہوش ربا آتی ہے
کس مزے سے مجھے کہتے ہیں وہ دیکر بوسہ ۔۔۔ کس کو بیمارِ محبت کی دوا آتی ہے

شمس تخلص حکیم شمس الدین خلف حکیم عبد اللطیف از متوطنانِ سورت۔ بسیار خوش اخلاق و خوش صورت بود افسوس کہ چراغِ زندگانی آن گلِ گلشنِ لیاقت را صرصرِ اجل در عینِ شباب کشت و فاتش را قریب بست سال می باشد من تجلیات افکارہ

تو صبحدم نہ نہا بے حجاب دریا میں ۔۔۔ پڑے گا ٹوٹ ابھی آفتاب دریا میں

حرف الصّاد مہملہ

صاحب تخلص نواب فیع الدولہ بیگ نام خان بہادر معروف بنواب حامد بیگ خلف نواب مرزا محمد بیگ والیٔ این بلدۂ مینو سواد انوارِ مکارمِ اخلاقش زیادہ تر از آفتاب پرتو اندازِ ساحتِ جہان است تا چہاردہ سال باستقلال تمام رایاتِ عدل و داد برافراشتہ تاریخ چہارم جمادی الاول سنہ احدے وثمانین و مایہ بعد الف طایرِ روحش از قفسِ عنصری بسرادقِ خلد برین پرواز نمودہ شخصے تاریخ وفات غمِ عالم یافت چون طبعِ وقاد داشت ہموارہ با ارباب فضلا و شعرا رغبت کلی میداشت بدین تقریب از اکناف و جوانب علما و فضلا ہر فن رو بیار گاہش نہادند و ہر یک فراخورِ رتبۂ خویش بصلہ و جایزہ ہائے فاخرہ سرفرازی و عزت مالا کلام یافتے و اکثر وقت بعد انفراغ از جہاتِ مالی و ملکی مشغولِ شعر گوئی می شدند و شعرا را بیش از بیش نوازش می فرمود از کلمات الیشان است

آہ معلوم نہیں ساتھ کے اپنے شب و روز ۔۔۔ لوگ جاتے ہیں چلے سو یہ کہاں جاتے ہیں

صوفی تخلص درویشی مجہول الحالست کہ در احمد آباد می ماند و راست

اُس زرد پوش کی جو ہنسی کی صفت لکھوں ۔۔۔ صوفی مرا قلم شجرِ زعفران بنے

حرف الضاد معجمہ

ضاحک تخلص مرزا احید الدین بیگ خلف نواب امتیاز الدولہ معز جنگ بہادر
والی این بلدہ بعد تنزل ریاست پدر بزرگوار خود در بمبئی رفتہ اقامت میداشت و
بوقع و وقار تمام میزیست و از سرکار انگریزی برائش ماہوار مقرر بودہ قریب بست
سال است کہ راہی سفر آخرت شدہ مسموع یافتہ کہ صاحب دیوان است من کلامہ

دل پژمردہ کی تو داد دلا جا آجا | شربت وصل مجھے یار پلا جا آجا
یہی امید ہے ضاحک کہ بہانہ مت کر | میرے زخموں کو تیرے دل نے ملا جا آجا

نرگسی چشم کا بیمار ہوں کن کا ان کا | تشنۂ شربت دیدار ہوں کن کا ان کا

حرف الطاء مہملہ

طالب تخلص مرزا محمود بیگ المخاطب بعزت اللہ خاں از امرائے نامدار
سرکار نواب حامد بیگ بودند از وست

طالبا بازار دنیا کے تماشے پر نہ بھول | کارواں کتنے گئے ہیں اس جہاں سے کوچ کر

طالب تخلص شیخ علی اللہ ساکن قصبہ امر تہہ کہ یکے از قصبات حوالی احمد آباد
است الحال بطور ملازمت مہاراجہ گائکوار اقامت برودہ می دارد او راست

اڑ جائیگا یقیں ہے غبار کے طور پر | پہنچی جو آہ میری اگر آسماں تلک
میں بھی تو جانتا ہوں کہ اٹھاوے یہ بار غم | گاو زمیں کی بھی نکل آوے زباں تلک

حرف الظاء معجمہ

ظفر تخلص ماہرِ رموزِ شاعری سید مظفر حسین بخاری داماد سجادہ حضرت برہان الدین قطب عالم رحمۃ اللہ علیہ تولد و نشو و نما با احمد آباد دارد در حلِ نکات فارسی و دریافتِ استعارات دخلِ معقول و در نثر نویسی و تاریخ دانی سلیقۂ مقبول چون نفسِ ناطقہ اش لذت یافتۂ این فن است نظمِ دلکش و اشعارِ بے غش می نویسد سید سیت بصنوفِ خلق و علم معروف و از احبائے راقم و تربیت یافتہ سید باقر علی باقر من خیالاتہ

جنبشِ بازوے نازک نے کیا کام تمام — ہات کرنے بھی نہ پایا وہ ستمگر اپنا

ظفر تیری غزل کل کس نے میخانے میں گائی تی — لب مینا سے جو ہر دم خطابِ لفظِ قلقل تھا

گھر بنا خورشید رو کا سمتِ مغرب شہر میں — توبہ مے سے کیجئے پیش از طلوعِ آفتاب

چشمِ پر طوفاں کی گنجائش نہ ہوگی شہر میں — میرے رونے کو ستمگر اک بیاباں چاہیئے

حرف العین مہملہ

عابد تخلص نامش غلام زین العابدین عرف میاں جان پسر منشی حسین الدین مولدش قصبۂ رآندیر است خدمت تحصیلداری قصبۂ مذکور از جانب سرکار انگریز بوالدش مفوض بود از چندے در سلکِ ملازمانِ نواب صاحب کھنبایت منسلک۔ در فارسی فی الجملہ استعداد دارد فکرش درست معلوم می شود فیض یابِ اصلاحِ میاں سمجھو صاحب است اور است

خندۂ دنداں نما سے کیوں وہ گلرو کرے عاشقِ مفلس کی خاطر درفشانی ان دنوں
اس پری کو دیکھ غصہ ہوش عاںبد اڑ گیا دشمنِ جانی ہوا ہے یارِ جانی ان دنوں

عباس تخلص سید عباس علی از ساداتِ ایں بلدہ بود و در سلکِ منشیانِ نواب امتیاز الدولہ معز زخاں بہادر سرفراز یک دو رقعہ نوشتۂ او بنظر رسید معلوم شد کہ فارسی را خوب می دانست حالاتِ جنگِ نواب موصوف با سرکار کمپنی و قابض شدنِ انگریزاں بلدہ بھروچ را تمام و کمال در نظمِ ہندی آوردہ از و یادگار است زیادہ ازسی سال است کہ ہم آغوش لحد است منہ

جس جگہ حسن کا بازار ترے ہووے گرم یوسفِ مصر کا وہاں کوئی خریدار نہ ہو

علی تخلص شیخ علی ملقب بہری متوطن بمبئی است واز مشاہیر شعرائے انجاست۔ مسموع شدہ کہ یک قصۂ عشقیہ بنام نواب مدراج موزوں کردہ۔ بہری موصوف از بیمہریِ گردونِ دوں انچہ صلہ و انعام کہ یافتہ بود در راہ قطاع الطریقاں بدو دوچار شدآں ہمہ بدیشاں توضع نمود۔ در فارسی ہم سرے زند من افکاراتہ

مرا جلتا ہے جی اس بلبلِ بیکس کی غربت پہ کہ گل کے آسرے پر یوں لٹایا خانماں اپنا

عزلت تخلص اسمش سید عبد الولی خلف سید سعد اللہ از قدیم نازک خیالان سورت است۔ مزار بزرگانش بنزد شہر مزبور در مغلی سرا کہ یکے از محلات سورت است واقع است۔ بر توطن سورت او ایں نقل شاہد است از انجا کہ غلغلہ جہاں گردی سید موصوف باوجود تخلص کردن عزلت بسان شہرۂ عنقا در عالم رفتہ در شہرے ہنگام ساختن محفل مشاعرہ باکسے درویشے سلوک ظاہری کم مرعی داشتہ باشد ازیں جہت آں مرد آزاد ظرافتاً : دستِ عزلت گرفتہ ایں شعر فوراً خواند

عبد الولی بسورتِ بندر رسیدہ است شکر خدا بدستِ قلندر رسیدہ است

عزلت از جوہر فقیر مطلع شدہ مرہم معذرت برریشِ درویش نہاد۔ اگر لفظ سورت بسین مہملہ

بند رو را مرادِ بوزنہ تصور کنند انگاہ یک لطف بطریق ایہام حاصل شود والا نہ غیر زیرا کہ قلندراں اکثر قردو را پرورش می کنند غرضکہ عزلت دو دیوان دارد دیوان ہندیش دریں بلاد کمیاب لہذا فقط برچند اشعار کہ در تذکرہ ہائے سابق نوشتہ اند تقلید کردہ شد چوں شاعر قدیم اینجاست لہذا بالکل ذکر او را ترک کردن مناسب بنظر نہ آمد خلاصہ فکر اوست

مرگِ دل کا ہی فاتحہ نہ پڑھا | عزلت اخلاص کیا رہا ہو گا
داغ اشکوں میں بوئے خوں ہے آج | گل کے لالہ کہیں ہنسا ہو گا

ہم سے گر سر نہ جھکا اہلِ تکبّر کا تو کیا | فخر آدم کے ہے ابلیس کا مسجود نہیں،

فقیروں سے نہ ہو بے رنگ لا فصلِ ہولی میں | ترا جامہ گلابی ہے تو میرا خرقہ بھگوا ہے

شکستہ کر کے مرا دل نظر نہ کر اس پر | یہ ٹوٹا آئینہ ہے منہ تری بلا دیکھے

عرفی تخلص غلام وجیہ الدین نام از فرزندانِ حضرت شاہ وجیہ الدین قدس سرہٗ من وجہ در سخندانی بہرہ طبع ہموار دارد از تازہ مشقانِ کھنبایت است ادمی گوید

کس نے کی جنبشِ ابرو کہ گرا طاق سے یہ | پھر ہوا شیشۂ دل چور دو بارا اپنا
لیں جدھر بوسہ اُدھر دل کے ہوں ٹکڑے عرفی | خنجر ابروئے قاتل ہے دو دھارا اپنا

غبارِ نقشِ پائے گلرخاں ہوں | ہوا خواہ ہو کھو بادِ صبا کو
طبیعت ہو رسا عرفی جب اپنی | دکھا دے یار گر زلفِ رسا کو

اب کس کو کہیں سوا خدا کے | بت سنتے ہیں عرض کب کسی کی

تھی وصل کی شب بھی ہات پائی — پائی نہ مراد ہم نے جی کی
خاموش بقول گویا عرفی — اچھی نہیں شرح عاشقی کی

علوی تخلص الموسوم بغلام جیلانی از اولادِ شاہ وجیہ الدین مولدش در احمدآباد وبسنِ رشد در کھنبایت رسیدہ دریافتِ مذاقِ مضامینِ شعر باندازہ خوب طرزِ سخن گوئی خوش اسلوب مردِ نیک سیرت و عالی فطرت است اصلاحِ سخن از میاں سجو صاحب جاریست از کلام اوست

خاک ڈالی دیدۂ درباں میں پنے ضعف نے — ہم گئے محفل میں اور وہ دیکھتا ہی رہ گیا

تو فلک مجھ سے اگر بر سرِ احساں ہوتا — میں سیہ بخت تو تھا کاکلِ خوباں ہوتا

اتنی مدت سے میں عریاں ہوں کہ اے جوشِ جنوں — چاک کرنا بھی گریبان کا میں بھول گیا

گرہ باز ایک کبوتر بھیجا اس کو بدلے قاصد کے — کہ تا عقدہ کھلے اس پر مری بے تابیٔ دل کا

یہ عالم اس بھبوکے کا ہے جس محفل میں وہ گل تھا — وہاں گل ہو گئی تھی شمع اور پروانہ بلبل تھا

فندقِ پائے نگاریں ترے دھو کر پینا — ہے تپِ دل کو مرے شربتِ عناب سے خوب

اہلِ سخن یہاں کے بھی سحر البیان ہیں — موتی نہیں اُگلتے ہیں کچھ شاعرانِ ہند

سر رشتۂ سحر تصور ہے مرا اے علوی — اس کو اب مجھ سے ہوا خود کو چھپانا مشکل

مرا تو ناصحو اس سے بھی نہ نکلتا ہے　　شراب کا ہے کو ہے آفتاب شیشے میں

اہلِ جنت کو ہوا عرصۂ محشر دوزخ　　تپشِ دل جو وہاں لائی پریشاں مجکو

عشقِ کاکل نہ چھوڑنا علوی　　سانپ رکھا بھی کام آتا ہے

جس جائے دیکھوں صورت جاناں نمو کرے　　آئینہ وار بن گئے دیوار و در سب مجھے

کام آیا کچھ نہ عشقِ بتاں کنجِ قبر میں　　ہاں ایک وہاں چراغ تھا داغِ جنوں مجھے

یہاں گر طبع برہم ہے تو وہاں زلفِ پریشاں ہے　　لبوں پر گر یہاں ہے آہ وہاں بھی دودِ قلیاں ہے

ہے نثارِ گردِ راہِ یار نورِ آفتاب،　　آستاں پر ہے بجائے سنگ مرمر چاندنی
شب وہ کہتا تھا اُجالے میں ترے گھر کیونکر آئیں　　مجکو علوی ہو گئی سدِ سکندر چاندنی

حرف الغین معجمہ

غالب تخلص سید حاجی میاں از سادات بردہ مرد خوش مزاج و حمیدہ اطوار و از آباء و اجدادِ خود داخلِ زمرۂ ملازمانِ مہاراجہ گائیکواڑ است اکثر طبعش مائلِ مناقبِ جنابِ مرتضوی است لاز فکر کردۂ اوست

زلف میں اور پریشان ہوا دل اپنا　　کب سنبھلتے ہیں سنبھالے سے جو دیوانے ہیں

ماٹگتا ہے طفلِ دل ہٹ کرکے اسکی سی شبیہ　　چاند تک دکھلاکے سمجھاؤں یہ کیا صورت کروں

غمگین تخلص منشی فرید بخش اصلش از ہند قریب سی سال است کہ در ندمائے خاص نواب ابراہیم خاں والی سچین شمردہ می شود شگفتہ طبع و خوش وضع است و راست

ناصحا آگ لگو اس ترے سمجھانے کو　　شمع رویوں کی ملاقات سے کرتا ہے تو منع

پڑا تڑپوں ہوں رخِ خال کے ہیں دانے کو　　دامِ ہجراں میں گرفتار ہوں جوں مرغِ اسیر

غنی تخلص اسمش خواجہ ابراہیم از باشندگانِ سورت مرد خوش صحبت و خوش سیرت و شیمۂ خلق و تواضع در طینت میدارد گاہے محرکِ فارسی ہم میباشد در اوائل مفلس تخلص میکرد روزے نواب ابراہیم یاقوت خاں والی سچین کہ از جوہریانِ این فن است نظر بر گوہرِ بے بہائے عیش فرمودہ تخلص مفلس بیجا انگاشت و گفت کہ ایں روئے غنی تخلص نماید غنی کہ از فکرِ مجوز غنی بود بدیہتہً ایں شعر بر زباں راند **فرمودہ**۔

یاقوت خاں نے مجکو اب تو "غنی" کیا ہے　　کب تک کھے گا مفلس اے چرخِ بدگہر تو

عرصۂ چند سال ست کہ در سرکار نواب حسام الدین خاں بہ پیشۂ طبابت متعلق قوتِ حافظہ کمال است اشعارِ اساتذہ یادِ ذہنش بسیار از وست

جو کھٹکتے ہیں مرے پیرِ مغاں کچھ شب سے لب　　آج اُس جھوٹے کی جھوٹی مے ملے گی کیا مجھے

آئینہ دیکھے ہے جب اس مری حیرانی کو　　مثلِ تصویر تحیر میں بس آجاوے ہے

جوان دنوں غنی کا چہرہ ہے زعفرانی　　رہتی ہے چت چڑھی اب کسکی سنہری رنگت

حرف الفا

فاضل تخلص اشہر الاماثل شیخ فاضل مشہور بہ دوسو میاں کہ کہین برادر بخشو میاں بخش

رد خوش مزاج و خوش گو مستجمع اوصافِ نیکو در فارسی قدرتِ نیک اما در گجراتی ید طولیٰ
ارد از جانب سرکار انگریزی بر خدمتِ منصفی مستقل واز داعی راہ اتحاد باحسن الوجہ
بار سیت واز تلامذۂ میاں سجو صاحب است من نتائج طبعہ

رطِ شوقِ وصل سے دوڑے ہے اُٹھ اُٹھ نزع میں — مرتے دم پاؤں نکالے کیا ترے بیمار نے

فایق تخلص این ضعیف و نحیف اگرچہ فقیر دریں فن رغبتے و میل خاطر نمیداشت
گاہ گاہے بعدِ انفراغ از طالبعلمی بتحریکِ محبانِ صادق و احبائے موافق فکرِ سخن میکرد
می‌خواست کہ خود را بزمرۂ نکتہ پرورانِ نامی و دقیقہ سنجانِ گرامی در آرد امانظر بانیکہ دقیقہ
شناسانِ روشن قیاس و زرد فن قیاسانِ دقیقہ شناش بمقتضائے نفسِ سلیم خطا پوش و
طبعِ حلیم عذر نیوش بے بضاعتاں را معاتبِ خطائی کنند و در اخفائے معائب می کوشند
افکار موہومہ خود را معروض می دارد

اندیشۂ صبح میں شبِ وصل — بس صبح ہوا وصال اپنا

کہتے کہتے حالِ دل قاصد کو پہنچے یار تک — شوق نے کیا منزلِ مقصود کو پہنچا دیا
خواب میں نظارہ ہونے کے سبب کچھ تھی امید — بختِ خفتہ نے ولے تعبیر کو پلٹا دیا

ہوا یہ غم کھلی جب خلد میں آنکھ — یہاں کوچے سے تیرے کون لایا

اپنی قسمت کے لکھے کو روئیے — کیا گلہ ہے گنبدِ دوار کا

زلف کے کھلتے ہی تاریکی ہوئی سب میں نمود — روزِ محشر پہ گرا سایہ شبِ دیجور کا

کاٹے ہے اب انگشت کو حسرت سے دہاں میں　　کشتہ جو اُسے فایق بے دل نظر آیا

نہیں قالین کی حاجت رہی کچھ　　بچھانے کو ہے کافی مرگ چھالا

گر ہمکنار ہوں گے نہ اس بحر حسن سے　　دُنیا سے پھر کریں گے کنارا بسانِ موج

کس طرح دل کا اب حصار کریں　　عشق پہنچا ہے فوجِ غم لے کر
مے پیئے گا نہ یار بن فایق　　گر کوئی آئے جامِ جم لے کر

مثل گوہر اس کے دندانِ درخشاں دیکھکر　　ہو گئے اختر سما کے سارے حیراں دیکھکر

شہید کر کے نہ آیا مزار پر قاتل　　تو بیقرار ہوں بسمل سا زیرِ خاک ہنوز

نہ نامہ نہ پیغام سے ہے تسلّی　　رہیگا یہ پھر جانِ غمگین کب تک

شمع رو کے عشق میں فایق ہوئے ہیں سوختہ　　پر بہت ہیں اب بھی پروانے کے شرمانے کو ہم

دن بدن طفلِ اشک ہیں ابتر　　دیکھیں اطوار کیا نکلتے ہیں

شمع کی قبر پر نہیں حاجت　　اپنے سب داغ دل کے ہیں روشن

جان دی تب ہوا وصالِ صنم — نفع کو دیکھ اور ضرر کو دیکھ
شمع پر وانہ دیکھتا ہے کیا — تو مری سوزشِ جگر کو دیکھ
کیا وہ جیتا ہے ہجر میں ظالم — پوچھتا ہے یہ نامہ بر کو دیکھ

اُن کا پیکاں ہے آبدار بہت — پر مرے خون کا پیاسا ہے

یاس و اُمید کے جھگڑے میں پھنسے ہیں فایق — کب خدا جانے ہمیں اُن سے رہائی ہو گی

اس بلندی پہ کیوں فلک ہے غرور — جتنی رفعت ہے وہ ہی پستی ہے

بے نیازی ہے اسکی قابلِ ناز — جرم بخشے ہے ہر بہانے سے
اُس دہن نے کیا لبِ معشوق — جی ہتنگ آ گیا زمانے سے
حیف ہے چھوڑ دے گی اس کی — فایق اغیار کے ڈرانے سے

یار کے ہم ہیں تشنۂ دیدار — آب کوثر سے کیا ہو سیرابی

دم آ گیا حدّادوں کا لبِ ناک میں ہمدم — دیوانگی کرنے لگے زنجیر کے ٹکڑے
فایق جو کئی دن سے مقید بقضا ہیں — اس واسطے کرتے ہیں مزا ہیر کے ٹکڑے

فدا تخلص سید حسین نام از ساکنان قصبۂ بردوده سید سپاه پیشه است مشورۂ سخن باخواجه سعید شیدا میکرد از دست

زکوٰۃِ حسن دو بوسہ فدا کو — کسی سائل کو جھڑکایا نہ کیجے

فرحت تخلص ابن نواب براہیم یاقوت خاں والی سچین برادر کوچک سید میاں اخلاص از نامش مطلع نیم این چند اشعار ایشاں بنام ایشاں مشہور بود نوشتہ شد۔

یہ حضرتِ دل جس کی نگاہوں پہ مرے ہیں ۔۔۔ مدِ نظر اس شوخ کے جدھر سے دہرے ہیں
جس دن سے جدے دل نے کئے یار سے فرحت ۔۔۔ کچھ تجھ ہی سے تنہا نہیں عالم سے بُرے ہیں

فرحت تخلص نامش بسانِ فرحت فی زمانا ناپید اازقدیم سخن سرایانِ سورت است ازوست

وہ رشکِ ماہِ تاباں ہے بیحجاب مجھ سے ۔۔۔ تو آج میرے گھر میں اے آفتاب مت آ

فضل تخلص شیخ فضل نام از اولادِ میاں مخدوم کہیں برادرِ غلام شاہ جولاں از شعرائے تازہ مشق احمد آباد طبع تیز میدار د و رفارسی نوعے کامیاب اصلاح سخن از میر قمر علی باقر است ازوست

سوئے ہم ابرو مژگاں کے تصور میں کبھی ۔۔۔ خواب بھی آیا تو ہر دم تیر اور تلوار کا

چین کا نقاش بھی جیس مان جاوے یہیں فضل ۔۔۔ کھینچے گر نقشہ ستمگر کی جبیں کی چین کا

فقیہ تخلص بابو نام از اہل بمبئی واز مشاہیر شعرائے انجاست چند سال است کہ رحلت نمودہ۔ ازوست

ہم نے افلاک کو سو رنگ بدلتے دیکھا ۔۔۔ لیک قسمت کے نوشتے کو نہ ٹلتے دیکھا،
میں ہی ان زہرہ جبینوں کا ہوا کیا مقتول ۔۔۔ یہاں فرشتے کا بھی لب پاؤں پھسلتے دیکھا،

فراقِ یار میں رونے سے بینائی ہوئی زائل ۔۔۔ بلا سے یہ بھی بہتر ہے کہ صبح و شام سے گذرے

فہیم تخلص ملک سردار جوانیست از تازہ مشقان سورت ذکاوت در طبعش معلوم میشود و چند اشعار خود را بنظر فیض منظر میاں سمجو گذرانیدہ ازاں اشعار پسندیدہ شد

وہوا ہذا۔

یہ اُسی کی شمیم کا گل ہے — اے صبا کیوں ہمیں اُڑاتی ہے
وہ تو برہم نہیں ہے ہم پہ یہ زلف — کس لیئے پیچ و تاب کھاتی ہے

حرف القاف

قطب تخلص ملا قطب الدین از متمولان و معززانِ سورت بودہ بزرگانش از پیشگاہِ خلافت مخاطب بملک التجار بودند۔ در سلیقہ و صحبت از ہمعصران فایق صورت با سیرت مطابق داشت حیف کہ گلچین اجل در ریعان جوانی گلِ وجودش را برچید و نخل بندِ قضا قامت موزونش را کہ سرو سے خرامان نو گلشن جنت رسانید دیوانے دار د قلیل الحجم چندروز برائے اصلاح بمیاں سجو دادہ بود از اتفاقات شاید از سہو وقت طاہ حطی لفظ قطب را کہ تخلص خودش بود در یک شعر متحرک بوزن آوردہ محمد اسحق متخلص با سحق دریں خصوص معارض گردید وایں مضمون را بنظم کشید فرمود

بجائے جزم لفظِ قطب بر ضم بسکہ بھاری ہے — یہ اس کے چرخ کے محور میں کس نے میخ ماری ہے

اگرچہ از رشکِ نو گریز خامہ ام گرہ در دل نافہ آہوئے چینی گرہ بستہ اما معاذاللہ گاہے غبارِ نکتہ چینی بدامانِ خاطر نہ نشستہ چشم دارم کہ اگر بپائے چشم دریں باغِ سراپا بہارم بشتابی خار عیبت و معائب کسے را نیابی مگر چوں ایں بیت خالی از لطف نبود بتحریک و تکلفِ بعضے دوستانِ ظرافت پسند مرقوم شد خلاصہ فکر او است

کب ہمارے یار کے کوچے سے جاتی ہے بہار — جھوٹ ہے کہتے ہیں سب گلشن میں آتی ہے بہار

قطبی تخلص قطبِ دائرہ شریعت شمس المنازلِ طریقت مصباحِ انوارِ معرفت کاشفِ اسرارِ حقیقت مقرر القوانین باضافت البیان و مبین الفوائد بالدلائل والبرہان بحر العلوم الاعظم جامعِ فنون الحکم برہان المجتہدین فخرِ المحدثین مخدومِ دوراں مولانا جمال الدین حسن خاں

خلفِ نواب نورالدین خاں اگرچہ کلکِ مقطوع اللسان و خامۂ ژولیدہ بیان بتحریرِ فضل و
کمالاتِ صوری و معنوی و اوصاف و اخلاقِ ظاہری و باطنی مہرِ سکوت میدارد اما چوں
تقربِ حصولِ سعادتِ ابدی و دولتِ سرمدی بدستِ ناطقہ آمدہ یک بار ازیں معنی باز ماندن
از بیخردی انگاشت ناچار باظہارِ مجملے از احوالِ قدسی مآل صفحۂ اوراق را زیب و زینت داد کہ مولینا
از اہلِ دودمانِ سیادت است فضائلِ ظاہر و باطن اظہر من الشمس بر ساحتِ روزگار روشن است
خمخانۂ خیالِ فکرش بر ذوقِ نشاء معارف و حقایق و ساغرِ تصوراتش لبریز بادۂ لطائف و دقائق
ضمیرِ مہر تنویرش مشرقِ انوارِ الٰہی و سینۂ فیض گنجینہ اش مخزنِ اسرارِ نامتناہی بالجملہ مولانا
را چوں علومِ دیگر در فنِ نظم قدرتِ تمام است ابیاتش چوں منزل گزینانِ راہِ مولیٰ از تکلفات
مبرا نظمش ہمچو اسرارِ سالکانِ توحید ہوش ربا چوں بسیاری وقت فارسی زباناں از حلاوتِ
مضامینِ ایشاں کہ احلیٰ من العسل در حق او تواں گفت شیرینِ کلام مقاصد خود میشوند اما خوشہ چینانِ
خرمنِ ہندی تمتع از مطالبِ دلپسندِ خود نیافتہ بودند بدیں تقریب بعضے وقت لآلیِ شاہوار
ہندی را بسانِ عقدِ ثریا بسلکِ نظم میکشند و منت برجانِ سخنورانِ ایں زباں می نہند کلکِ
سلامت سلک را چہ یارا کہ از درِ ثنا خوانیش در آید بس بمقتضائے ایں فرمود شعر:-

زباں درکش کہ جائے دم زدن نیست — سخن کوتہ کہ میدانِ سخن نیست

بتحریرِ کلامِ اعجاز نظامش سامعانِ حقیقت بیں را سعادت اندوز می سازد

وصل فرہاد کو شیریں کا میسر نہ ہوا — فائدہ کچھ نہیں گر زور ہوا زر نہ ہوا

کیونکہ بوسے ہاتھ آویں ویسے یہ مذہب کے دو — جو نہ ملنے ایک بھی گر واسطے سو رب کے دو
منحصر کچھ منہ کے بوسے پر نہیں اپنا سوال — پاؤں کے دو ہات کے دو بازو کے غبغب کے دو
بوسہ وہ پہلے دیا کرتے تھے ہم کو بے حساب — خوبیِ قسمت سے اب ٹھہرے ہیں بدلے سب کے دو
ایک بوسہ اس کفِ پا کا غنیمت ہے ہمیں — یہ کہاں اپنا دہن کہتے جو دو تم لب کے دو

التماس بوسہ میں کیا فائدہ طولِ کلام ۔ ہے کفایت بس یہی قطعِ سخن مطلب کے دو

اگرچہ مشتہر ہے حسنِ گل اندام سو سو کوس ۔ ہمارے عشق کا بھی ہو رہا ہے نام سو سو کوس

حرف الکاف

کاظم تخلص محمد کاظم نام نشو نما در بندر کھنبایت یافتہ مسموع شدہ کہ جوانیست بتہذیب اخلاق و مروت آراستہ و بحلیۂ ذکاوت ذہن پیراستہ حال از چندے بخدمتِ تحصیل تمام پرگنات کھنبایت از سرکار نواب حسین یاور خاں بہادر سرفراز است از وست

نہ وہ آیا نہ مجھکو بلوایا ۔ نہ تو خط کا مرے جواب آیا

اسی عالم یہ خواب میں دیکھا ۔ اضطرابی سے پھر نہ خواب آیا

کامل تخلص اسمش سید منصور از ساداتِ بڑودہ ماز کلام اوست

غلط ہے حشر ہو خورشید کے نزدیک ہونے سے ۔ ہمیں اس رشکِ خور کا دور رہنا ہی قیامت ہے

کامل تخلص کاملِ نصابِ سیادت و اکمل النصیبِ ایتِ دوحۂ اصناف سعادت ازلی و شجرۂ انواعِ دانشِ لم یزلی شمعِ شبستانِ خاندانِ مصطفوی گوہرِ شب چراغ دودمانِ مرتضوی میر کمال الدین حسین رضوی خلف جناب سیادت مآب سید باقر صاحب سلسلہ نسب بواسطۂ حضرت سید احمد جعفر شیرازی قدس سرہٗ بامام عالی مقام امام محمد نقی کہ امام دہم از ائمہ اثنا عشر سلام اللہ تعالیٰ علیہ و علی جدہ شفیع یوم المحشر منتہی می شود عالی نژاد و دودمان فخیم و خاندانِ عظیم است منصبِ قضاوت در ہنگامِ قیامِ عدالت بقلعہ کہیرہ بوالدِ بزرگوارش مفوض بودہ تولدش در سورت رو داد پس رشد درین بلدۂ عشرت موج رسیدہ ایدون اقامت پذیر احمد آباد است تحصیلِ فن در خدمتِ فیضدرجتِ حضرتِ والد ماجدِ داعی کہ ابن العم حضرت می شوند نمودہ و نیز استفادۂ علوم از استاد نا مولوی نور محمد صاحب کردہ

حدّتِ ذہن بمرتبہ ایست کہ تیز زباناں بحضورش بے زبان و حاضر جوابی اش بمنزلتے
است کہ حاضر جواباں پیش وے مہر بر دہاں سلیقۂ نوشتنِ نثر بسیار تین و نظم ہجو لب
دلیراں رنگین و شیریں انچہ از دودۂ قلمش بر آید حلوائے بے دود است بلکہ انچہ نوشتم
براں نیز باید افزود بہ سراپا کمال بودنش تخلصش دلیلے است روشن و ہویدا کہ کامل در
کلام ہمچو ماہِ تمام پیدا مع ہذا بر علومِ متداولہ کمالیتِ بلیغ میدارند اما فکرِ سخن و دریافتِ مضامین
روشن کہ از نیکوئے مزاج و ظرافتِ طبع است بے تدریق رتبۂ شعر را بعلو مرتبہ رسانیدہ خیالش
شاہدیست زیبا لم یطمثہن قبلہم انس ولا جان نظمش لعلے است برہمزنِ ہنگامۂ یاقوتِ بدخشاں
ہموارہ فکرِ صحیح و کلامِ فصیح سر میزند انحصار۔ کمالاتش نا محصور است پس از ایرادِ ابیاتِ دلچسپ
ایشاں بکام شایقانِ این فن بنویدِ تسوید عشرتِ جاوید میکند

اس نے دی غیر کو انگشتری فیروزے کی — رنگ بدلا ہے بس اس وقت یہ کیا کیا اپنا
یار کے وصفِ سراپا میں کمر کی جا پر — ہم نے اس شعر میں باندھا ہے سراپا اپنا
بوسہ پائے صنم وصل میں کافی ہے کہ سر — اُٹھنے دیتا ہی نہیں شکر کا سجدہ اپنا

ہوسِ دل کو مل گئے بوسے — لبِ معشوق کس کا تیر ہوا

خاک اس صفائی پر کہ شبستانِ تار میں — لوگوں پہ کھل گیا مرے دل کا معاملا

گرمیٔ ہجراں نے دی اشکوں میں تاثیرِ شرر — آنسوؤں کے پونچھتے ہی میرا دامن جل گیا

تیرے پانی کے چوانے پہ بھی مرتے ہیں عدو — بس دمِ تیغ ہے ان کو دمِ آخر میرا

رات دن رہتے ہیں کوچہ میں پریزاد وں کے   کاش ہو جائے کوئی ان میں مسخرا اپنا

ہم خوش تھے اعتمادِ وفا وہ بھی جانتے   غیروں کا اپنے ساتھ نہیں امتحاں ہوا

وصل میں رہ گئی سب حسرتِ دل   تابِ رُخ نے ترے بیہوش کیا

غبارِ رشکِ عدو آئینہ لے صاف کیا   وگرنہ یوں بھی تو کب مجھ سے یار ملتا تھا

بندھا نہیں کمرِ یار پر دوپٹا سُرخ   ہوا ہے موئے کمر کو خضاب مہندی کا

خیالِ دیدۂ مے گوں میں شعر پڑھتے ہیں   یہ کیفیت میں عجب منہ کھلا ہے قلقل کا

کم نظر آتا ہے ظالم سے عدو کا التفات   یاد آیا ہو نہ اس کو جو ستم ہم پر ہوا

بیتابی سے یادِ رخ میں پاتا ہوں قرار   سیماب بھی ہوں تو پشتِ آئینہ کا

اس کو تحریرِ شکایت بھی ہوا ہم پہ عذاب   اک بلائے جاں تھا لکھنا نام بھی اغیار کا

کیوں کیجئے نہ دیدۂ نصفت سے اس پہ صاد   اک فردِ انتخاب ہے مضمون خال کا

اس چشمِ مست کا دمِ مرگ آگیا خیال   تلخیٔ نزع میں بھی مزا تھا شراب کا

یاں سے کب تک غبارِ مے کشی ہائے عدد	بھرتے بھرتے اب تو دل بھی شیشۂ ساعت بنا

ہم سے تو حالِ عیشِ وصل نہ پوچھ	اپنا ہاتھ اور اس کا داماں تھا

بن تیرے لب پہ آئے ہمارے یہ آہ سرد	ساغر کے پیتے پیتے میں بس جم گئی شراب

آئینہ کیا دکھائے مشاطہ	آپ حیران اس کی صورت پر

میں تو میں وہاں وہ بھی تو کوئی جا سکتا نہیں	آسماں سے کم نہیں ہے کچھ زمینِ کوئے یار

روزِ محشر الٰہی ہو کوتاہ	کہیں کھُل جائے اسکی زلفِ دراز

آہ کو نزع میں بھی اتنا اثر باقی تھا	کہ لگا دی ملک الموت کے پر کو آتش

منہ مت بگاڑ تلخ کلامی سے اپنا تو	زاہد کبھی نہ ہووے گی ہم سے شراب ترک

ہے عکسِ روئے دلبر جلوہ افزائے نظر	جہاں اک آئینہ خانہ ہے اپنی چشمِ حیراں میں

کھٹک رہا ہوں رقیبوں کو گو کہ زار ہوں میں	تمہارے کوچے میں گویا عدد کو خار ہوں میں
صفا پسند یہاں تک ہے مشتِ خاک اپنی	موئے پہ بھی کسی آئینہ کا غبار ہوں میں
بسانِ کاغذِ مسطر کھنچیں رگیں تن کی	یہ کھینچتا ترے نامہ کا انتظار ہوں میں

وہ جفا جو نہ کیوں ہو مجھ سے خوش — آپ میں اپنا دشمنِ جاں ہوں

اڑتی پھرتی ہے مشتِ خاک اپنی — ہم سلیمان اپنے وقت کے ہیں

جرمِ افشائے راز پر ہیں غضب — چشمِ تر نے کیا ہے تر دامن

رکھا کم ظرفیٔ دل نے ہمیں محروم ساغر سے — ہوئے بیہوش شیشہ دیکھتے ہی اسکی محفل میں

دل اس نے لیا جو تھا کمیں میں — خم آ گیا زلفِ نازنیں میں

وہ حسن پہ مغرور جو رہتا ہے تو ہم بھی — جی میں ہے کہ آئینہ کی دوکان نکالیں

یہاں شکستِ رنگ ہے اور حسنِ روز افزوں وہاں — رنگ کھلتا ہے وہاں جتنا سو اڑتا ہے یہاں

ہے اگر ان کو نازکی پر ناز — ہم بھی یہاں ناتوان رہتے ہیں

ہم سے کہے ہے قلقلِ مینا شبِ وصال — کیوں آج بند مرغِ سحر کا گلو نہیں

کل وہاں کم سخنی آپکی ہو گی معلوم — گر مرا نامۂ اعمال کھلا محشر میں

اس کے کوچہ میں ہیں جو خاک نشیں — آسماں پر دماغ رکھتے ہیں

جی شبِ وصل ہی کے ساتھ گیا — صبح کیا آئی موت آئی ہمیں

گو مستعد ہے نیمچۂ خوں فشانِ یار — پر کیا کریں گے اپنے بدن میں لہو نہیں

خور ہے یہ وہمِ رُخِ تاباں نہیں — روزِ محشر ہے شبِ ہجراں نہیں

اپنی خاکِ ناتواں بھی زور رکھتی ہے اثر — آنکھ میں گرتی ہے جس کے وہ نظر آتا نہیں

تنگ تر ضعفِ جنوں میں ہے یہ اپنا احوال — سینۂ مور بھی مل جائے تو صحرا ہے ہمیں

روئیگا ایک جہان اے پیارے — میرے رونے کو مت ہنسی سمجھو

آنے پاوے ہے کہاں خفگیٔ درباں ہم تک — سنگِ دہلیز ہے دیوارِ سکندر ہم کو

گر اوجِ فلک کو غیر پہنچا تو کیا — ہم زیرِ زمیں آسمان رکھتے ہیں

ہیں مسخر اس کے کیسے کیسے خود بیں خوبرو — کم نہیں رتبے سے اسکندر کے جاہِ آئینہ

ملے ہے اس سے دادِ تشنہ کامی ہم کو مرتے دم — دہانِ زخمِ دل لب تر زباں ہے آبِ پیکاں سے

ہات لذت میں خراشِ دل کا کیا ہوئے جدا — خار ہیں ناخن ہمارے زخمِ دامن دار کو

بے تکلف جو پڑے لوٹتے ہیں عاشقِ زار کیا ترے سایۂ دیوار کو بستر سمجھے

توبہ مے ساتھ شیشے ہی کے یکجا ٹوٹ جائے خاطرِ ساقی نہ ٹوٹے میری توبہ ٹوٹ جائے

رات لذت میں خراشِ دل کا کیا ہووے جدا خار ہیں ناخن ہمارے زخمِ دامن دار کو

ہے مشغلہ اختر شمری شبِ ہجراں سیارہ شناسوں میں گنے جاتے ہیں ہم بھی

جب کیا نالہ یاد آیا صور خوفِ محشر ہے شکرِ یزداں ہے

خیال اس لبِ خندان زلف کا ہے ہمیں ہنسی ہنسی میں گذرتی ہے رات بس اپنی

لوگ ہنستے ہیں میرے رونے پر طفل اشکوں کو اک تماشا ہے

تابِ نظارہ کسے ہے کہ تری محفل میں بے حجابانہ کوئی آکے مقابل بیٹھے

کشتۂ عشق کیا جِلایا ہے تم نے عیسیٰ کو مار ڈالا ہے

کیوں ہوتے ہیں غیر دیکھکر خوش رویا ہے جو یار پر ہنسا ہے

تنِ لاغر ہے ایک تنکا سا اس کے چلمن میں باندھدے کوئی

کیوں نہ وہ مست مجھ سے لے بوسے　　　دل بھی شیشے کی ایک صورت ہے

گرمجوشی ہوئے غیروں سے جلیں رشک سے ہم　　　کیوں تری گرمیٔ صحبت سے نہ جی بجھ جائے

توڑیں گے خوشی سے اسکو زاہد　　　شیشہ ہے کسی کا دل نہیں ہے

رفعتِ کوئے یار بھی کیا ہے　　　آگیا آسماں زمیں کے تلے

جذبۂ جوشِ جنوں میں نہ تھا تا سرِ عرش　　　آسماں گو کہ بنے طوق مری گردن کا

نہ کیوں خاک اُڑائیں تنگ صحرائے وحشت میں؟　　　کہ ہم کو آسماں کی اک زمینِ نو بنانا ہے

کچھ تو ہے رنج میرے مرنے کا　　　قتل میں اس کو جو تامل ہے

آب بستہ ہے اپنی چشم رواں　　　اشکِ تر جو ہے آتشِ تر ہے

میں ہی حیران دیکھ وہ خطِ تراشیدہ نہیں　　　آئینے کے ہات سے گویا کہ طوطے اُڑ گئے

کب سخن کا اپنے ہے آشفتہ طبعوں کو مذاق　　　میرے مضموں کے سمجھنے کو بھی سمجھو چاہیے

کریم تخلصِ نواب عبدالکریم دلی سجین جدید و میاں خلاص از ایشانست

یار دیکھو مرا شرابی ہے　　　آنکھ اس کی عجب گلابی ہے

چشم مست اُسکی دیکھکر عاشق	کہتے ہیں آج پھر خرابی ہے

کمتر تخلص منشی عبدالحکیم داماد شیخ غلام علی قاضی سورت محسوب بفضلائے سورت می شود در فنون علم ذوفنون بسیار معقول دستگاہ دارد وچون در معقول دستگاہ می داشت تمنا میکرد کہ مردمان اورا مولوی می خوانند امامردم علی الرغم او منشی گفتند داغ این معنی در گور با خود برد واقسام خیالات دال بر فکر رسا وطبع ذکائے ایشان سیکند کتابے در احوال اولیائے دین تالیف ساختہ من افکارہ

فلک پہ کیسی گذرتی مسیح کی ہوگی	کہ غیر جنس ہیں یارب کوئی غریب نہ ہو
یہ طفل اشک بہک جاکے رازِ دل کہدیں	گر اُن کے سر پہ مری آہ کا ادیب نہ ہو

حرف اللام

لطف تخلص منشی لطف اللہ نام اصلش از ہند است سالہاست کہ بسورت اقامت ورزیدہ بمدرسی سرداران دولت انگلشیہ عزو وقار افزودہ جوانیست ظریف وعاقل و در فن منشی گری کامل بسیار در علم انگریزی دستگاہ بلند دارد واز معزز ملازمان نواب میر جعفر علی خاں بہادر است کلامش خالی از لطف نیست اوراست

خانہ میں عصافیر کے سیمرغ چھپے ہے	جب کھینچے ہیں ہم تیر کو آہِ سحری کے
سرسبز بیاباں ہے ترے دیدۂ تر سے	یہ لطف تصدق ہے تری چشم تری کے

لطیف تخلص میر شمس الدین نام از سادات عالی نہاد سورت است نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ در تذکرۂ خود نوشتہ کہ سید مزبور اقامت در لکھنؤ ورزیدہ واین بیت بنامش ثبت کردہ تقلیداً از تذکرۂ نواب موصوف نوشتہ شد

گھر میں جا بیٹھ رہا اس سے خفا ہو تو لطیف	کیا ہی غصہ تری اس بات پہ آتا ہے مجھے

حرف المیم

مائل[1] تخلص نقاوۂ خاندانِ رفعت واعتلا زبدۂ دودمانِ عزت وعلا جامعِ
خصائلِ رفیعہ مستجمعِ اخلاقِ حمیدہ ذو النسب الرفیع والحسب البدیع الموافق بتوفیقات
ملک الاحد المؤید بتائیداتِ ملک الصمد صاحب المفاخر والمناقب سید حیدر صاحب
کہینِ برادر سید چھوٹے صاحب المتخلص بآحمد اگرچہ طوطئ خامہ در داستان سرائی اوصاف
حمیدہ و اخلاقِ پسندیدہ بے صداست و کلکِ رنگیں سلک در توصیفِ خوبی ہائے
ذاتی و صفاتی بجمرۂ خجالت عاجزی یا درحنا بدیہتہ قلم را بدیں تقریب باز داشتن و صفحہ
اوراق را ازیں نگارش سادہ گزاشتن سادہ لوحی دانست نظر براں باظہارِ مجملے از
احوالِ خجستہ مآل منت بر دیدہ وگوشِ سامعانِ حق نیوش می نہد صاحب موصوف از
سادات عالی درجات است خاندانِ عالی شانِ الیشاں نہ بجدے مشتہر است کہ داعی
بتحریرش پردازد تولد و نشو نما دریں خجستہ بلدہ بھروچ است ذاتش سرمایہ متاعِ آفرینش و
دلش مخزنِ گنجینہ دانش بہ بذل و سخائے او غلغلہ در گورِ حاتم انداختہ و علوِ ہمتش نامِ عالی ہمتاں را پست
ساختہ سینۂ بے کینہ بصنوفِ سعادت پر نور پیراستہ و بتوفیقاتِ ہدایت آراستہ صانعانِ قضا و
قدر حسنِ ملیح را بایں خوبی پیرایۂ جسم ساختہ کہ مانی اندیشہ را بہتر ازیں نقشے بر صفحۂ روزگار
نبستہ حاوی آدابِ عمیم و جامعِ اخلاقِ فخیم با راقم اتحادِ دلی و تودد قلبی مسلوک در فارسی
کامیاب پایۂ بلند و بگجراتی صاحبِ دستگاہِ ارجمند چوں مزاج شریفش مائلِ اشعار و راغب
مذاقِ ایں فن است گاہے لبِ ملیح بیاں را بشغلِ مضامینِ شیریں حلاوت آگیں می فرماید

---

[1] میر مائل بعد اختتام ایں کتاب روز دوشنبہ بست و ہشت شوال ۱۲۷۶ھ از عارضہ ہشت نعیشہ وداع بر جمیع مردم بدیں طور
صید کہ گویا قیامت تازہ برپا شد و در خانہ ___ بیماری در یک روز قریب ہر دم مع اہلیہ میر جان ملحق شدند

دہانِ زخمِ دل کس کس مزہ سے تیر چوسے ہے　　نمک میں کب مزہ ملتا ہے قاتل تیرے پیکاں کا

نہ دیا اُس نے ایک ساغر بھی　　دل مرا جل کے بس کباب ہوا

پڑھوایا ہم سے نامۂ اعمال حشر میں　　افسانہ اپنے عشق کا واں بھی بیاں ہوا

بہکا دیا تھا ہم سے سکندر نے اسکو خوب　　پر عکسِ رُخ پہ اس کے ٹھہرتی نظر نہیں

تو جو جانے نہیں دیتا ہے ہمیں اے درباں　　تجھ سے شکنندۂ دروازۂ خیبر سمجھے

مجروح تخلص میر فیاض الدین عرف بڑا صاحب جہیں پسرِ میر غیاث الدین شایق ہنگام اقامتِ سورت اصلاح از والدِ ماجدِ خود و در صورتِ بودو باشِ بردہ از سید میر علی امیر اصلاح میکرد۔ تیغ سخناں را آب میدہد و گویا دریں فن این شایق ابن شایق۔

دل پہ مجروح اس کے ابرو سے　　زخم پر زخم اور کھائیں گے ہم

مثلِ گل دایم جو رکھتا چاک ہے دستِ جنوں　　کس لئے پھر اس گریباں کو سلانا چاہیئے
ہر سحر بستر سے اُٹھ مثلِ نسیمِ صبحدم　　بوستانِ کوچۂ جاناں میں جانا چاہیئے

مخلص تخلص سید غلام محی الدین ابن میر فقیر اللہ قادری ولدش از ثقات و معززِ اہل سورت است از تازہ خیالانِ آں بلدہ است و باسید و میاںؔ خلاصؔ مشورہ سخن می کند اوراست

زردی رنگ نے سنگِ سحر کو طلا کیا　　اکسیر کا ہے خاصہ اپنے غبار کا

رویا جو خیالِ لب و دنداں ہیں تمھارے — سوختۂ جگر اشکوں کے شامل نظر آیا

نمایاں آستیں سے ساقِ سیمیں اُس پری کی ہے — گماں ایک خلق کو فانوس میں ہے شمعِ روشن کا

محبّ تخلص نواب محمد ابراہیم خاں مبارز الدولہ نصرت جنگ خلف نواب عبدالکریم یاقوت خاں والی سچین من مضافاتِ سورت از امرائے نامیٔ ایں نواح است باہلِ سخن محبِ صمیم وکریم ابن کریم ہنگامِ اقامتِ سورت ہموارہ رنگِ مشاعرہ بمکانِ فیض بنیانِ خود می ریخت و مشاہیرِ شعرائے سورت را تکلیفِ طرحِ غزل می نمودند صادرین و واردین را بحسنِ خدمت و اخلاق بہ صلہ و جائزۂ شائستہ می نواخت صاحبِ دیوان فارسی و اردو و مثنویات اند ہذا من کلامہ

یار با سلسلۂ زلفِ دراز آتا ہے — مژدہ اے دل کہ وہ دیوانہ نواز آتا ہے

مسیح تخلص میر ذوالفقار نام از ساداتِ بخاری ساکنِ بریلی مزاجِ سلیم و طبعِ حلیم دارد اکثر در سیاحت و سیاحت حظِ زندگی دریافتہ بسیار اماکن و بلاد بسر بردہ گی عمر بسر میکند انقضائے چند سال است کہ در احمد آباد بانعقادِ مواخاتِ چند صاحبان مسکن و مقرِ خود ساختہ اشعارش قلم خوردۂ میر کمال الدین حسین خاں کامل است من افکارہ

کیجیے سیر جب چرخِ چارم کی — ہے یہاں تک مسیح دم اپنا

در پردہ تھا یہ مدِ نظر اس کو ورنہ جب — معشوق بس میں ہو تو رقیبوں کا کیا چلے

مرہون تخلص مرزا عبداللہ نام دہلوی اصل ملازمِ راجہ بردوہ پنجاہ سال است کہ انتقال از دارِ دنیا کردہ از ابیاتش بنظر میاید کہ سررشتۂ درست درین فن داشتہ باشد دیگر حالش بسماعت نرسیدہ الحاصل از ارقامِ شعرِ مرہون ساعین رام مرہونِ منت کردہ می شود

برہنہ پا جنوں سے چل وہاں دشتِ مغیلاں میں — جہاں ہر خار کو دعویٰ ہو نشتر کی نیابت کا

علاجِ دل کو آئے تھے مسیحا سخت دعوے
یہاں کیا ہوگیا وہ معجزہ حضرت سلامت کا

مشتاق تخلص نامش محمد حسین پسرِ شیخ داؤد واکثر مضامینش بشوخی شامل طبعش بہزل و ہجو گوئی مائل از وست

نامہ اس غیرتِ بلقیس کا آیا ہم کو
اس پریرو نے سلیمان بنایا ہم کو

مشتاق تخلص قمرائے قمرِ سخنوری و شعشۂ نجمِ ہنر پروری سرآمدِ دقیقہ کیشانِ باریک بین شیخ نجم الدین عرف میاں بابا از مشاہیر مشائخ زادگانِ این بقعۂ متبرکہ واز اولادِ امام العادلین عمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہ بوالدِ معز الیہ در وقتِ قیامِ عدالت بقلعہ کھیرہ خدمتِ مولوی گری تفویض بودہ غرض کہ عالی نژاد اند نجمِ تولدش از شرفِ عدم بکشورِ وجود دریں بلدہ طلوع یافتہ تحصیلِ کتب درسورت کردہ وبخود حدیث بخدمت حضرت والدِ ماجدِ داعی اخذ نمودہ چون کاتبانِ ازل ذکاوت ذہن را بنامش نگاشتہ در ہر فنون دستگاہِ شایستہ ومہارتِ پسندیدہ میدارد وقوتِ حلِ نظمیہ بسیار رو در نثر نویسی باروزمرہ سروکار است اما از بدوِ سن طبعش از دیگر فنون زیادہ تر مالوفِ سخن بود در ہر روزِ آدینہ بمکانِ خود محفلِ مشاعرہ آراستے ومصروف بدین شغل شدے ہر مصرعش از نیشکر شیریں تر نے بل غیرت افزائے قندِ مکرر خیالش شاہد یست از نظرِ غیرِ محرم زیرِ نقاب وافکارِ روشنِ بیانش روشن تر از آفتاب ذاتش در فضل وکمال یکتا است تعداد فضیلتش تا مہ معدود ناگزیر مشتاقانِ سخن را بہ تسویدِ مضامینش سر میسازد

دیکھکر چیں بر جبیں اس شوخِ غصہ ناک کو
کھل گیا جو کچھ نوشتہ تھا مری تقدیر کا

حسرتِ دل نکل گئی دمِ قتل
اپنا سر اس کے پاؤں پر دیکھا

نازو انداز کا غلام ہوں میں
ایک بندہ ہے اور دو صاحب

روئے اتنا فراق میں تیرے بیٹھے آنکھوں کو اپنی کھو صاحب
جائیگی کھل حقیقتِ غنچہ تم ذرا باغ میں ہنسو صاحب

نیرنگیوں سے تیری یہ رویا کہ اب نظر آتا نہیں ہے یار سفید و سیاہ و سُرخ

بات کرتا نہیں مجھ سے کوئی ہرگز ایسا اس نے باندھا ہے غرض مجلسِ احباب میں بند

کب وہ خاطر میں ہمیں لائے بھلا آٹھ پہر آئینہ رہتا ہو جس آئینہ رخسار کے پاس

رازِ دل میرا یہ اظہار کرے ہے ہر بار یا الٰہی لگے اس دیدۂ تر کو آتش

ہونے نہ دے ہے وصل جو اس گلعذار سے ہے جی میں پیدا کیجیئے چرخِ کہن سے ربط
گل کھائے جو بدن پہ ہوں منظور آپ کو مشتاق تو تو کیجیئے اُس گلبدن سے ربط

شکر کرنے لگے ہزاروں مرے حال سے ہو کے سب غمیں واقف

اس کے مژگاں کے تصور میں کہوں کیا مشتاق دل میں کھٹکے ہے مرے خار بنا ایک ایک

عشق میں اُس کے پھنسے ہیں اس طرح مشتاق ہم جوں پھنسا ہو صید کوئی چنگلِ شہباز میں

لاش پر آکے وہ میری اس طرح کہنے لگا کیا ہوا مشتاق کو جو ہوش میں آتا نہیں

تجکو نہیں صنم جو مری چاہ ان دنوں — پروا نہیں مجھے تری واللہ ان دنوں
اس تند خو کی یاد میں مشتاق کیا کہوں — آندھی سے کم نہیں ہے مری آہ ان دنوں

آپ میں ایک دم نہیں رہتا — آپ جب مجکو یاد آتے ہیں
مرغِ دل اُن کے کیوں نہ دام میں آئے — اُڑتی چڑیا کو یہ پھنساتے ہیں

فراقِ یار میں مشتاق اس رات میں رویا — سحر روتے تھے ہمسایہ سب اپنے بام اور در کو

پھول دریا میں دیکھتا ہے کیا — لختِ دل دریۂ چشمِ تر کو دیکھ
خون روتا ہوں اور خبر ہی نہیں — اے میاں ایسے باخبر کو دیکھ
جلوۂ یار ہر طرف کو ہے — بے خبر جایئے جدھر کو دیکھ

اس چہرے پہ ہے زلفِ رسا اور طرح کی — باغ اور طرح کا ہے گھٹا اور طرح کی
یادِ غمِ ہجراں سے یہ دل کیونکہ نہ مرجائے — گل اور طرح کا ہے ہوا اور طرح کی

حضرتِ عشق نے کیا کیجئے ہزاروں بندے — قیس و فرہاد سے کر ڈالے ہیں آزاد کئی
گلرخوں سے کہو کس طرح بچے جاں اپنی — ایک بلبل کے جو پیچھے پڑیں صیاد کئی
کب فریبوں میں ترے آئیگا وہ اے مشتاق — کہ فریب اس بتِ عیار کو ہیں یاد کئی

دب کے مرجاؤں میں اب ہے یہ تنِ زار کا حال — گرد مشتاق اُڑے پاؤں سے گر اس بت کے

کرڈالے ولیکن نہ جواب آیا محبتو | دروازۂ دلدار کی زنجیر کے ٹکڑے
جوں شیشہ گرے ہاتھ سے یوں اس نے کئے ہیں | نظروں سے گرا گر دلِ دلگیر کے ٹکڑے

ہے بہت مرگ و زیست میں جھگڑا | آپ آکے اسے مٹا دیجے

محفل میں ہمیں آپ خجل کرتے ہو ہر بار | کیا کیجے فلک دُور ہے اور سخت زمیں ہے
ہے بسترِ گل خار سے بدتر ہمیں مشتاق | جس روز سے وہ غیرتِ گل پاس نہیں ہے

چاہئے مت ہم سے رکھو ربط لیکن اے پری | غیر سے ہو رابطہ یہ اپنے دل پر شاق ہے
مثل عنقا ہم نشینو اس پری رو کی کمر | گرچہ ہے معدوم لیکن شہرۂ آفاق ہے

مُلّا فخر الدین مخاطب بعمدۃ التجار از اہلِ ثروت و نام آوران سورت بودہ معلوم نہ شد کہ چہ تخلص میکرد۔ نظام الملک بنظرِ شفقت او را می دید چوں بغرور جاہ و دولتے کہ داشت فریفتہ شدہ باستصدی صورتِ مخالفت ورزید بناءً علی ہذا ملائے موصوف اساسِ بنائے عمارتِ عالی نہاد نظام الملک از راہِ قہر و عتاب کنایتاً بمعز الیہ ایں فرد نوشت شعر۔

نہ توڑے گل کیا بلبل نہ تو نے باغباں اپنا | چمن میں کس بھروسے باندھتی ہے آشیاں اپنا

ملّا بمعذرت و عذر خواہی آمدہ در جواب نوشت شعر۔

بلبلِ بے کس کی گنجائش چمن میں کیونکہ ہو | ایک تو صیاد تھا اور باغباں دشمن ہوا

ایں شعر بنامش مشہور است نوشتہ شد۔

صنم اب باغ میں ٹک لب تو کھولو | اگر ہم سے نہیں پھولوں سے بولو

مفتوںؔ تخلص امیر صاحب نام پسر محمد صاحب سیدِ صحیح النسب از خاندانِ عالی نہادِ ایں بلدۂ شریفہ تولد و نشو و نما از ہمیں شہر است۔ در نوشت و خواندِ فارسی کامروا ست

صاحبِ طبعِ ذکا و فہمِ رسا است ذہنِ پاکیزہ و فکرِ شستہ می دارد چوں مزاجش راغب
شعرگوئی بیش از بیش است بارے مشتغلِ سخن خود را می کند و اکثر باشتغالِ سخن
می پردازد و از جودتِ طبع در اکثر اوصافِ سخن فکرِ شائستہ می نماید غرض کہ کلامش
خالی از لطافت نیست و قابلِ توصیف و ذہنش باینقدر ذکا و طبعش بایں مرتبہ رسا
کہ خیالاتِ رنگیں از قلمِ مشکینش بے دریغانہ تراوش میکند فہمِ ایں معنی بیشِ نظارگیاں
در سیاقِ کلام لاجرم مضامینِ دلکش او را بتسوید آوردہ می شود

اگر ہم سجدہ گہ اپنی کریں محرابِ مسجد کو
تو پھر ہے یار کے وہ ابروے خمدار کس باعث

میں جاں بلب ہوں ہجر میں اور تو کدھر ہے آج
اے مرگ میرے حال سے کیوں بیخبر ہے آج

جو قبر میں مری منکر نکیر آئے تو میں
یہ پوچھتا ہوں کہ لائے ہو یار کا کاغذ

بعد مردن کے صبا اب بھی تو لینے دے چین
اس کے کوچے سے مری خاک کو برباد نہ کر
ظلم یہ دیکھئے رات ہچکیاں آئیں اُس کو
تو خفا ہو کے وہ کہتا ہے مجھے یاد نہ کر

مستحیل آب یہاں آگ سے ہوتے دیکھا
آ سکے کون پھر اس دیدۂ خونبار کے پاس

تم جو کہتے ہو نہیں لگتی ہے پانی میں آگ
پھر بھلا کیونکہ لگے دیدۂ تر کو آتش

نہ کوئی لوٹ کو جو اس بت سے ہے مرا اخلاص
ابھی ہوا ہے یہ کر کے خدا خدا اخلاص

بعد مردن کے یہ سوزش دیکھنا — استخواں میری ہما کھاتا نہیں
مت خفا ہو تو مرے آنے سے یار — دل لئے آتا ہے میں آتا نہیں
ہم ہیں وہ صیدِ زبوں صیاد بھی — دام میں اپنے ہمیں لاتا نہیں
عشق میں خوبوں کے اے مفتوں تجھے — کون کہتا ہے کہ تو یکتا نہیں

مت مرا حالِ ناتوانی پوچھ — ای پری اپنی تو کمر کو دیکھ

بھرے ہرگز نہ وصلِ یار سے دل — اگر ہو خضر کی سی زندگانی

سرِ کعبہ جو ہوے تو کافر ہوں — یار کے در پہ جبہ سائی ہے

منیر تخلص محمد نام مردِ کہن سال است از چند ایام بہ نیابتِ قضاے کھنبایت از سرکارِ نواب صاحب سرفراز اصلش از احمد آباد و از شاگردانِ حضرت سید احمد صاحب مرحوم با مرزا کاظم بخش خلفِ مرزا سلیمان شکوہ تا دہلی گام سنج شدہ بود و در فارسی نیز فکر میکند یادرا است

نظرِ مہر ہو جبیں پر تری اے رشکِ قمر — کب اُسے چاہ ہو پھر یوسفِ کنعانی کی
بیوفائی کا تری شور تھا اک عالم میں — تس پہ دل ہم نے دیا اور یہ نادانی کی
طاقِ ابرو میں صنم کے کیا سجدہ جب سے — کافرِ عشق ہوئے ترک مسلمانی کی

منظور تخلص نامش شیخ عبداللہ عرب نژاد است توطن و تولد در سورت دارد صاحبِ طبع ذکا و فکرِ رسا است مثنوی جگر سوز کہ جگر سوزی را بکار بردہ دادِ قابلیت دادہ از تصنیف اوست بالجملہ دریں فن سلیقۂ شایستہ و قدرتِ پسندیدہ با دست منظورِ نظرِ اہلِ انصاف و کلامش از اعتساف و عوجاج صاف شاعریست بتہذیبِ اخلاق و مروت

بیراستہ و باوصافِ خوش کلامی و رنگیں مزاجی آراستہ وازراقم ہم اتفاقِ ملاقات دست دادہ واز شاگردانِ رشید میاں سجّو صاحب است از نتائج طبع اوست

نظروں میں پھر رہی ہے جو اک نوش کی گل ॥ پردہ ہے اپنی چشم کا دامن سحاب کا

انگشت نما کیوں نہ مہِ نو ہو کہ اُس نے ॥ دعویٰ مرے خورشید کے ناخن سے کیا تھا

افراطِ شوقِ وصل نے کارِ عدو کیا ॥ آیا جو خواب میں وہ تو مجکو جگا دیا

ہنستا عدو ہے دیکھ اسے جوں شمع روئے ہم ॥ اے رشک تجکو آگ لگے جی جلا دیا

کھاتا ہے حیف حال پہ اب میرے بار بار ॥ شوریدگی نے میری یہ اُس کو مزا دیا

ہے ضعف گو یہ روز کے وہم نسیم نے ॥ اس گل کا میرے ہات سے دامن چھڑا دیا

پرتو ہے جو ہر آنکھ میں خضر رہِ دیں کا ॥ جادہ ہے مرا تارِ نظر خلدِ بریں کا

صدقے مہ و خور تجھپہ ہیں اے کانِ ملاحت ॥ ہے شور جہاں میں ترے حُسنِ نمکیں کا

چاندی کے ورق بن گئے منظور یہ دولب ॥ بوسہ جو لیا رات کو اس ماہ جبیں کا

دریائے اشک شب کو چڑھا تھا جو اوج پر ॥ گرداب ماہ تھا تو ہر اختر حباب تھا

جذبۂ عشقِ زلیخا نے بڑھائے دست و پا ॥ پیرہن آخر ترا اے ماہِ کنعاں پھٹ گیا

مدد اے ضعف ہے جویا ملک الموت مرا ॥ مژدہ اے زیست کہ ہوں اسکی نظر سے غائب

باغ سے عندلیب ہے باغی　　دیکھ اس گلعذار کی صورت

جوں سرمہ ہو گئے رہِ اُلفت میں خاک خاک　　تس پر بھی ہم سمائے نہیں چشمِ یار میں

لڑکپن میں بھی سودا عشق کا منظور تھا سر پر　　کہ حرف لام کو میں زلف سمجھا تھا دبستاں میں

گرمیٔ حسن ہے جانسوز رہوں کیونکہ خموش　　باد زن لب تو نہیں ہے کہ ہلا بھی نہ سکوں

انتظار ایسا ہے جاناں کا کہ نرگس کی طرح　　بند ہونے کبھی منظور نہ پائی آنکھیں

کہا کسی سے نہ طور رہا جورِ زلفِ دراز　　برنگ شانہ زباں گو ہزار رکھتے ہیں
نہ جان آئینہ رویوں کی سادگی پہ کہ یہ　　وہ باصفا ہیں کہ پنہاں غبار رکھتے ہیں

ضعف ہے یک قلم جدائی میں　　سر ہے جوں خامہ خم جدائی میں

سوزِ ہجرِ چشمِ جاناں کو نہیں گریہ سے نقص　　آپ دیکھو آتشِ مے کچھ بجھا سکتے نہیں

رشتہ ہے اس پری کی جو زلفِ رسا کے ساتھ　　جوں دودِ شمعِ کشتہ ہیں نالے ہوا کے ساتھ
کرتی ہے قتل سادگی تیری بسانِ تیغ　　پروازِ مرغِ جاں کو ہے رنگِ حنا کے ساتھ
دیکھو ہوائے شوقِ اجابت میں مثلِ خاک　　پہنچے ہم آسماں تلک اپنی دعا کے ساتھ
ناطاقتی ہے رو نہ مجھے دم نہ دیجیے　　اڑتا پھروں ہوں جنبشِ لب کی ہوا کے ساتھ

نہ دے ہے بوسہ وہ بت اور نہ منہ سے دے ہے جواب
سخی سے شوم بھلا جس سے کچھ جواب ملے

دست رس تیرے پاؤں تک ہے اُسے
خوب مہندی یہ رنگ لائی ہے
شب کہاں جاؤگے اندہیرے میں
مستی ہونٹوں پہ کیوں جمائی ہے
پاؤں آنکھوں سے اُس کے سہلانا
خوب خدمت یہ ہات آئی ہے

تیرا رونا ہنسی ہے اُس گل کی
دیکھی منظور آب روتیری

شبِ غم بیخودی ہے موت گھر گور
ہنیں مرغِ سحر کم نوحہ گر سے

مبارکباد دی بادِ صبا نے
ہمیں مارا جو اس نے بادزن سے

عبث دکھاتے ہو آنکھیں لبوں کو چوسونگا
پیونگا آبِ بقا میں شراب کے بدلے
لکھا لہو سے جو قاتل نے خط میں جان گیا
پیامبر مجھے لے چل جواب کے بدلے
یقین ہے اسپہ وہ ہو جائیگا خفا منظور
عدو سے ربط رکھوں اجتناب کے بدلے

کب سُنا اُس نے میرا افسانہ
تجکو ہم چشم خواب آیا ہے

حرف النون

ناداں تخلص شیخ عبادت حسین نام موطنش رامپور است در ایامِ طفولیت دریں دریار آمدہ متعلق در سوارانِ راجہ دھرم پور شدہ واقعاتِ چند سببِ ترکِ ملازمت

راجہ معزول شدہ اکنوں در بڑودہ رفتہ بسیارے وقت شریکِ مشاعرۂ تازہ مشقانِ سورت می شد لہٰذا راقمِ حروف شناسائی دارد، غرض ناداں مردِ داناست از وست

بجز آہ و فغاں کوئی نہ اب مونس ہمارا ہے ترا اے آہ بس اس دم فقط ہم کو سہارا ہے

نادر تخلص میراں اللہ نام از شعرائے قدیم سورت ہمعصر سید عبدالولی عزلت و عبداللہ شاہ تجرد بودہ در فنِ انشا مہارتِ کلی داشت عمرِ طویل یافتہ و کلامِ اوبحکمِ نادر کالمعدوم کمیاب است ازوست

جب وہ پیارا ناز سے دامن کو ٹھکراتا چلے دل بھی اسکے آگے آگے ٹھوکریں کھاتا چلے

نجف تخلص ناصر خان آقا ابن مرزا محمد جان صلش از سورت صاحبِ خلق و اخلاق است عند الملاقات بوضوح پیوست کہ خالی از تعریف نیست از خاندانِ فارس خاں است گاہے بفکرِ ریختہ می پرداز داز طبع زاد اوست

دل ہی داغوں سے چمن ہو تو گلستاں کس کا خار ہے ہر بنِ مو تن پہ بیاباں کس کا

نجف تخلص محمد شفیع نام عرف مرزا نجف خلفِ مرزا نواب از بنی اعمامِ آقا محمد حسین بادشاہی، دیوان بزرگانش از طرف بادشاہانِ دہلی بخدمت دیوانی زین البلاد احمد آباد سرفراز بودند و تاریخ مرآۃ احمدی تصنیف یکے از اجدادِ اوست مولدش بندر کھنبایت واز تازہ مشقانِ انجاست رشد در طبعش معلوم می شود و اشعارِ خود اعراض بر میاں تجو صاحب می کند ازوست

باغ داغوں سے ہے بدن اپنا آگ سے سبز ہے بدن اپنا

فیضِ وصفِ شہ نجف سے نجف بس ہے دُرِ نجف سخن اپنا

شمع اُس کو دیکھتے ہی خود بخود جلنے لگی اُس کے حسنِ گرم میں طرفہ اثر پیدا ہوا

مجھے ہے دورِ قمر سے یہ ہو گیا ثابت		فلک نے چہرے پہ بیشک ہے تیرے مارا چاند

ان کا دشوار تھا آنا پہ وہ آئے ہیں تو اب		مجکو دشوار ہوا آپ ہیں آنا شبِ وصل
آئینہ چھوڑ خدا کے لئے اس بت کو زرا		کوئی دم ہمکو بھی آنکھیں ہیں لڑانا شبِ وصل
محوِ آرائش اُسے سمجھے نجف ہم نافہم		ہیچ تھا یار کی زلفوں کا بنانا شبِ وصل

اُس ہلال ابرو کے ہے جلوے سے گھر گھر چاندنی		ہو گئی اب سب کی نظروں میں محقر چاندنی
کیا مجھی کو خاک میں ملنے کی ہے وہاں آرزو		خاک پر کرتی ہے اُس کوچے میں بستر چاندنی
وہ ہوا شب جلوہ فرما لے نجف جو بام پر		تھا مگر غرہ و لیکن نکلی تِس پر چاندنی

نصیری تخلصِ نواب امین الدین حسین خان مرحوم از امرائے نامی سرکارِ مہاراجہ بروده بنا بر غایتِ تشہیر ذکرِ محامدش احتیاجِ تسطیر ندارد در سنہ ثلاث و خمسین و مائتین بعد الالف ماہِ عمرش منخسف گردید و ہم تاریخِ انتقالش غروب مہ یافتہ شد این شعر بناش گوش زد یادگارانہ ثبت افتاد

وائے یہ گردشِ طالع کہ شب اس محفل میں		پہنچی نوبت جو ہماری تو سبو ٹوٹ گیا

حرف الواو

وحشت تخلصِ میر نظام الدین از مشاہیرِ ساداتِ وظیفہ دارانِ قصبۂ انکلیسر من متعلقاتِ سرکار بھروچ بوده در آغازِ جوانی سفرِ عرب وغیره ملک کرده مدتِ چند در نجفِ اشرف و کربلائے معلیٰ و دیگر مزاراتِ شریفہ بسر برده چند سالست کہ این عالمِ فانی را وداع کرده صاحبِ دیوانست دیوانش بمطالعہ رسید اگرچہ از رسائی فکر بر اصنافِ سخن عبور نموده امابطرزِ راسخہ ہیچ صنف را نگفتہ معہذا اکثر مضامینِ

دیگران یافتہ شد اشعار نیکو خواندے بدقتِ تمام ایں دو شعر از دیوانش برگردید و دریں اوراق التقاط گردید۔

کردیا بیماریٔ الفت نے جی یہاں تک ملول　　دردِ دل اظہار در پیشِ طبیباں ہو گیا

تیری باتوں کا ہے یہ دل مشتاق　　جی میں آوے سو توں سنایا کر

صبح سے شام تلک شوخ کے در کے آگے　　سیکڑوں ٹھوکریں کھائیں تو نہ سر کے آگے

وحید تخلص نامیش شیخ وحید الدین خلف شیخ رحیم الدین از اُستادان نامآور احمد آباد بودند ہمچو تخلصِ خود در تدریسِ فارسی وحیدِ وقتِ خویش بودند داں شہر کم کسے باشد کہ نسبتِ شاگردی ازاں مغفور نداشتہ باشد مدتِ مدید صرفِ ما یحتاج از سرکارِ حضرت قاضی محمد صالح قدس سرہٗ میرسید عرصہ پنج شش سال است کہ جہانِ گزراں را وداع فرمودہ بالجملہ صاحبِ اوصاف و اخلاق بودند فقیر ہم وقتِ اقامت بہ احمد آباد بخدمتِ شریفش تحصیلِ فن فارسی میکرد اگرچہ فقیر در ہنگامِ اکتسابِ علمِ فارسی ذکر از کارِ سخن فرمودنِ آں مرحوم نشنیدہ البتہ کہ در فارسی کلامے می گفتند اما بعضے احباب چند ابیاتِ طبع زادِ ایشاں بطریقِ ارمغاں فرستادند بریں یک بیت اکتفا کردہ یادگارانہ ثبت افتاد و آں این است

یہ ہم پہ گردشِ گردوں سے جو ہوا سو ہوا　　تو اپنے دل میں نہ آزردہ ہو ہوا سو ہوا

ولی تخلص محمد ولی نام مولدش احمد آباد و مدفنش ہم ہماں بلدۂ خجستہ بنیاد و مدفنش مابین مزار موسیٰ سہاگ و شاہی باغ اول کسے کہ آئینۂ سخنِ ہندی را بہ صیقل گریٔ نظم جلا بخشید و ریختہ را بگریٔ بلاغت نشانید ہمیں است دریں باب سرگردہ و مقدمۂ الجیشِ جمیعِ شاعرانِ ہند و گجرات است بر ضمائرِ انجم نظائرِ ناظران

ہوشمند مخفی و محتجب نماند کہ محققانِ ایں فن را درحالِ او اختلاف است کہ آیا ولی از گجرات است و یا از دکہن اما براقم آثم از زبانی ثقاتِ بلدۂ احمد آباد بہ ثبوت چناں پیوستہ کہ شاعر مزبور از بلدۂ مسطور بودہ و سالہا بدکہن ہم گذرانید و از رسالہ نور المعرفت کہ تصنیف او ست مستفاد می شود کہ از شاگردانِ شاہ گلشن و مریدِ جناب معارف آگاہ مخدوم العالم مولانا محمد نور الدین صدیقی السہروردی است و خطا کرد میر تقی میر کہ در تذکرہ خود او را از اورنگ آباد نوشت شاید بریں شعر او را از دکہن خیال کرد فرد۔

ولی ایران و توراں میں ہے مشہور　　اگرچہ شاعرِ ملکِ دکہن ہے

اما گردہ کہ ولایتِ گجرات بہ نسبتِ دہلی و اکبر آباد سمتِ جنوب کہ ہندیان دکہن گویند واقع است۔ در اوائل عہد فردوس آرامگاہ محمد شاہ در احمد آباد جاں بجان آفریں سپرد۔ غرضکہ ایں خطا از فیض بہارِ کلامِ رنگینش　سر رشتۂ انصاف از دست نباید داد و قطع نظر از محاورۂ ایشاں نظر بر علو رتبہ مضامینش باید داشت نقل است کہ روزے در محفلِ سخن طرازانِ نکتہ پرداز و نکتہ پردازانِ بذلہ طراز ایاغ رحیقِ توصیف محمد ولی در گردش بود شخصے از کیفیتِ ایں بادہ ناآشنا زبانِ طعن بر محاورۂ ولی دراز گردسازِ کج آہنگی را ساز کردہ یکے از آں مجمع بدیہتہً ایں مصرع خواند ع

ولی پر جو سخن رکھے اُسے شیطان کہتے ہیں

طاعن منفعل و حضرات خوش دل شدند اگرچہ نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ و اعظم الدولہ سرور ذکر ولی را در تذکرۂ خود ہا یاد کردہ مگر ولی از استادانِ مسلّم و شاعرِ قدیم ایں بلاد است دفعتہً از کوائفش سرمہ بنائے خامۂ ریختن خاک در چشمِ انصاف ریختن است لہذا ایں چند اشعار محمد ولی کہ مطابقِ روزمرۂ جدید گجرات است از دیوانش انتخاب کردہ شد

نجاؤں صحنِ گلشن میں کہ خوش آتا نہیں مجکو　　بغیر از ماہرو ہرگز تماشا ماہتابی کا

پری رو کو اُٹھانا نیند میں بیجا ہے اے عاشق
عجب کچھ لطف رکھتا ہے زمانہ نیمخوابی کا

بوالہوس رکھتے ہیں دایم فکرِ رنگِ عاشقاں
ہے ہوس کے سد البس دل میں تدبیرِ طلا

کان کوئی ہے اس کمر کا پیچ
جگ نے اس کو سر کلام کیا

باعثِ نشہ دو بالا ہے
حُسنِ صورت کے ساتھ حسنِ ادا

ماہِ نو اُس بھوں پہ کر کے نظر
سوئے مغرب چلا ہے رو بقفا

سخن صاحب سخن کا سُنکے بننے کی ہوس مت کر
جواہر جب ہوئے حاصل تو پھر معدن سیں کیا مطلب

جو موا داغِ عشق میں اس کے
تختۂ لالہ سے کرو تابوت

اے ولی سبزۂ خطِ دلبر
خوش نمائی میں ہے خطِ یاقوت

کیا ہے دفع مرے دردِ سر کو رکھنے نے
ہوا ہے حق میں مرے خونِ دیدہ صندلِ سرخ

سخن شناس کی مجلس میں کم نہیں زیزید
کسی کے مطلبِ رنگیں کو جو کرے ہے شہید

مجکو پہنچی اس شکر لب کی خبر
حق شکر خورے کو دیتا ہے شکر

راست کیشوں سے اے کماں ابرو
کج ادائی نہ کر خدا سے ڈر

ہوں گرچہ خاکِ راہ ولے از رہِ ادب
دامن کو تیرے ہاتھ لگایا نہیں ہنوز

غنچے کے سر کو دیکھ گریباں میں عندلیب بولے حضورِ خلق ہے یہ انفعالِ محض

عالم کی دوستی سے ہے نفرت ولی کو بس ہر آشنا کے دم سے گریزاں ہے جوں چراغ

لطیف وقت ہے یہ زیب بخشِ مجلس ہے سدا گلاب میں ہرگز نہیں ہے بوئے لطیف

لبِ احمر پہ جلوہ گر ہے خال حوضِ کوثر پہ جوں کھڑا ہو بلال

معشوق کو ضرر نہیں عاشق کی راہ سے بجھتا نہیں ہے بادِ صبا سے چراغِ گل

صنم کے لعل پہ وقتِ تکلم رگِ یاقوت ہے موجِ تبسم

رہِ مضمونِ ناز بند نہیں تا قیامت کھلا ہے بابِ سخن
شعر فہموں کی دیکھ کر گرمی دل ہوا ہے مرا کبابِ سخن

گریۂ عشاق سے خنداں ہے باغِ بزمِ حسن مغزِ پروانہ سے روشن ہے چراغِ بزمِ حسن

خوبیٔ اعجازِ حسنِ یار اگر انشا کروں بے تکلف صفحۂ کاغذ ید بیضا کروں
رات کو آؤں اگر تیری گلی میں اے حبیب زیورِ لب ذکرِ سبحان الذی اسریٰ کروں

فدائے دلبرِ رنگیں ادا ہوں شہیدِ شاہدِ گلگوں قبا ہوں

کیا ہے ترک نرگس کا تماشا　　طلبگارِ نگاہِ باحیا ہوں

کرے غم سے صد برگ صد پارۂ دل　　دکھاؤں اگر چہرۂ زرد کو
رکھا اس دہن کی صفت میں ولی　　ہر ایک فرد میں جوہرِ فرد کو

جو ہو آزارِ عشق سے آگاہ　　وہ زمانہ کا فخرِ رازی ہے

اے دل شتاب چل کر تماشہ کی بات ہے　　بیٹھا ہے آفتاب نکل آفتاب میں

جا کے پہنچی ہے حدِ ظلمت کو　　بس کہ اُس زُلف میں درازی ہے
تجربے سے مجھے ہوا ظاہر　　نازِ مفہومِ بے نیازی ہے

نہ وہ بالا نہ وہ بلائے بلا ہے　　بلائے عاشقاں ناز و ادا ہے

گر تجکو ہے عزمِ سیرِ گلشن　　دروازۂ آئینہ کھلا ہے
اک دل نہیں آرزو سے خالی　　ہر جا ہے محال اگر خلا ہے

دیکھ اس کی کلاہِ بارانی　　چاند پر آج ابر آیا ہے

تختِ دل پر خط لکھا ہے یار کو　　داغِ دل مُہرِ سرِ مکتوب ہے

اولاً ریحان و آخر لالہ رنگ ظاہراً برگِ حنا شمشیر ہے
کعبۂ فتح و ظفر میں اے ولی شکلِ محرابِ دعا شمشیر ہے

غم نہیں مجنوں کو ہرگز اے ولی خانۂ زنجیر اگر آباد ہے

آج ہر گل نور کی فانوس ہے کوہ و صحرا صورتِ طاؤس ہے
اے صنم تیرے دہن کے شوق میں ہر کلی میں نغمہ و ناقوس ہے

سرو کی وارستگی پر کر نظر تو اے ولی باوجودِ خود نمائی کسقدر آزاد ہے

چہرۂ گلرنگ و زلفِ معنبر زنخ بی میں لب آیتِ جنات تجری تحتہا الانہار ہے

کیا تری زلف کیا تری ابرو ہر طرف سے مجھے کشاکش ہے

کیا کروں تفسیرِ غم ہر قطرہ اشک رازکے قرآن کا کشاف ہے

دودِ آتش بنا ہے سرمۂ چشم داغِ دل دیدۂ سمندر ہے
سادہ رو ہیں ہمیشہ با عزت آب دایم محیطِ گوہر ہے
اے ولی کیا ہے حاجتِ قاصد
نامہ میرا یہ کبوتر ہے

حرف الہا

ہمرنگ تخلص میر عزیز اللہ نام مزارش در بمبئی واقع است دیگر حالش بوضوح
نپیوستہ کہ در چہ رنگ بودہ ہذا من افکارہ

وہ قاتل مست مے اور فوج غمزہ ساتھ تنہا ۔ بچایا حق نے ورنہ آج یہ ہمرنگ بسمل تھا

جوں گرد راہ چلنے میں دامن سے لگ گیا ۔ گو تو سفر میں مجکو نہ ہمراہ لے گیا

حرف الیا

یعقوب الموسوم بہ یعقوب علی خاں خلف محمد علی خاں از طائفہ افاغنہ پدرش
از بلدۂ رام پور آمدہ در سرکار گائیکواڑ متعلق گردیدہ بحفاظت وحراست قصبہ ڈبہوئی مامور
شدہ وے دریں نواح تولد ونشو نما یافتہ بعد فوت پدرش والی بڑودہ خدمتے کہ برائے والدش
بود برا وسلم داشت در فارسی و گجراتی مہارت شائستہ دارد خصوص در موسیقی بلندآوازہ
از راہ تعارف جاری است من کلامہ

یعقوب نہ کیوں رکھے عزیز اس کی گلی کو ۔ یوسف سے ہزاروں ہی جہاں بس نظر آئے

خاتمہ

المنۃ للہ کہ ایں سواد شیریں مقال زیور انصرام پوشید و سرمۂ اختتام در چشم کشید کہ
بصد ناز و کرشمہ نقاب از رخ برکشود و سرمایۂ سرور دل منتظران نزدیک و دور افزود یعنی اوراق
چند جمع آمد کہ شاہدان جادو طراز حروفش بسحر پردازی و کرشمہ سنجی تسخیر دل تماشائیان خرد پرور
نمودہ و ماہ جبینان سطورش چشمہ ایست شیریں کہ تشنہ بیان فرہاد منش را سیراب بید ساختہ جہان سخن را
منزلت معراج کمال تحصیل و شوق رانقش آرزو زیب صفحہ دل چمنیست پر از گلہائے رنگارنگ شگفتہ

بتاثیرِ ہوایش غنچۂ تمنا ریان و تازہ نظارگیانِ دشوارپسند دانند که این دوشیزگانِ معنی
اند که از بنا نخانۂ فطانت برآراییِ فصاحت جلوه گرِ عشاقِ دردمند فهمند که این چه شاہدیست
رعناکه از پرتوِ انوارِ جمالش دیدۂ ژرف نگاهانِ فراست ارجمند منور **بیت**

زین مبارک نامه کز وے زینت عالم بود　　　دوستان را شادمانی دشمنان را غم بود

خریطۂ مملو از جواہرِ فصاحت و یواقیتِ بلاغت در نظرِ گوہر شناسانِ باریک بین گذرانیدم
و مقالاتِ مع حالاتِ خردکیشانِ طبعِ وقادِ این نظم که درین دیارِ خلد آثار نوشته نشده بر صفحاتِ
شمسی و قمری عالم یادگار گذاشتم **فرد۔**

یا رب بکن این صحیفه ام را　　　مقبولِ طبائعِ سخن دال

نحمد الله تعالی اولاً و آخراً علی ما وفق من تسوید ہذه الصحیفة واختتام الاوراق نصلی و
نسلم علی رسوله صاحب المعراج والبراق وعلی آله و اصحابه المکارم والاخلاق و جمیع المسلمین
لیس من البدعة والنفاق

قطعه تاریخ لمؤلفه

چونکه فایق تمام این مخزن　　　ہست مملو ز لولوے لالا
ہاتفِ غیب گفت تاریخش　　　خوش کتاب است مخزنِ شعرا
١٢٦٠

قطعه تاریخ از طبع زاد افصح زمان میاں ہجو صاحب

ہست چه این نسخه ز دو برگِ نقطہاش　　　چون ورقِ انفعال در تپش آمده
حمرۂ خجلت به بست برخِ گلشن ازو　　　ہر چمن را ز موج چین بجبین آمده
چادرِ مهتاب ہست ہر ورقِ این کتاب　　　معنیِ روشن درو ماہِ مبین آمده

تذکرۂ فائق است خوب ترین تذکره
سالِ تمامش ازین خوب ترین آمده
١٢　　٦٨

ولہ تاریخ ثانی

اک میرے مہربان فضیلت شعار ہیں | جن کی شمیم زلف سے گجرات ہے تتار
ہے قلعۂ بھروچ کہ ان سے کلہ براوج | وہاں زبدہ کو فخر ہے پابوسی حصار
یوں مسندِ قضائے شریعت کو اُن سے زیب | جوں آسماں کو مہر سے ہے نور و افتخار
لے درس شمس بازغہ کا ان سے آفتاب | بیضاوی سحر کو پڑھے اُن سے روزگار
ہے نورِ دینِ احمدِ مختار ان کی ذات | ہے ان کے نام نامی سے معنی یہ آشکار
اس بحرِ حلم و علم کی آئی جو جی میں لہر | کی موج خیز طبع رواں کو جو ایک بار
گجرات کے لکھا شعرا کا یہ تذکرہ | کیا تذکرہ خزینۂ دُرہائے آبدار
کی اُن نے شاعروں کو حیاتِ ابد عطا | خضر و مسیح سے بھی نہ ہوتا کبھی یہ کار
سمجھو میں اس کو کیونکہ کہوں گلشن بہشت | ہوگا کبھی خزاں کا نہیں اس میں دخل و بار
ہے اس کا ہر ورق ورقِ گل سے بھی فزوں | کھٹکے کسی کو اس میں نہیں کوئی ایسا خار

گذرا نہ چاہیے سرِ انصاف سے تو بس
تاریخ منصفو ہے عیاں باغ نو بہار

قطعہ تاریخ از شیخ نجم الدین مشتاق

ہمہ بستان و گلہا را خزاں است | نہ ایں معنی است در عالم نہفتہ
ولے ایں مخزنِ شعرائے فایق | نہ باغ است بلکہ مروارید سفتہ

پئے ایں بے خزاں گلدستہ تاریخ
چمن گفتا گل تازہ شگفتہ

قطعہ تاریخ از میر عباس علی شوق

برمجموعۂ رنگینِ فایق | خنک گوئی کہ شد بازار فردوس

برنگینیِ نظم و نثر بردہ — سبق برگلبنِ بہارِ فردوس
اگر اہلِ جہاں ببینند ایں را — بناخوبی کنند اقرارِ فردوس

لبِ اہلِ سخن در سال افتاد
بایں بستاں فدا گلزارِ فردوس
۱۲۶۸

ولہ تاریخ ثانی

بنا فکرِ عالی سے فائق کی جب — عجب تذکرہ اک پذیرائے طبع
کہے تو نہیں تذکرہ بلکہ یہ ایک — گلستاں ہے جس سے کہ کھل جائے طبع

وہیں شوق نے فکرِ تاریخ کرکے
کہا گلشنِ فرحت افزائے طبع
۱۲۶۶

تمت ہذا تذکرہ تاریخ شانزدہم شوال المکرم روز جمعہ سنہ ہزار و دوصد و ہفتاد
من ہجرۃ المبارک در بندر بھروچ باتمام رسید کاتب
و مولف و مالک ہذا یکے است

عبارتے کہ جناب مرزا اسد اللہ خاں صاحب بعد مطالعۂ ایں اوراق اصلاحِ آں تحریر فرمودہ برائے یادگارے تحریر می شود

مخدوم و مکرم حضرت قاضی محمد نور الدین حسین خاں بہادر کی خدمت میں عرض ہے کہ برخوردار مرزا شہاب الدین خاں بہادر نے یہ اجزاء مجکو دیے نظم سے میں نے بالکل قطع نظر کی۔ کامل صاحب کی نثر جو آغاز میں ہے اس کو بھی نہیں دیکھا صرف آپ کی نثر کو دیکھا اور اس کو موافق حکم آپ کے بعض جا درست کر دیا۔ بعض موقع پر منشائے اصلاح بھی لکھ دیا ہے۔ مجکو یہ پایا یہ نہیں کہ آپ کی نثر میں دخل کروں

بمفوائے الامر فوق الادب حکم بجا لایا ہوں۔ مرحبا آفرین بخدا خوب نثر لکھی ہے اللہ سبحانہ آپ کو مدراج اعلیٰ کو پہنچاوے اور سلامت رکھے۔

مرقومہ دوشنبہ ۱۴ جولائی ۱۸۶۲ سنہ عیسوی
خوشنودی احباب کا طالب
غالب

ا

Anjuman-e-Taraqqi-e-Urdu Series No. 71

Makhzan-i-Shuara

A Biographical Anthology of Urdu Poets of Gujrat

BY

QAZI NURUDDIN HUSAIN KHAN RIZVI FAIQ

Edited by

MOULVI ABDUL HAQ, B. A. (ALIG.)

—:o:—

Printed at the Jamia Press, Delhi

1933